سلسلۂ مطبوعات انجمن ترقی اردو نمبر ۷۳

اردو کی ابتدائی نشو و نما

میں

صوفیائے کرام کا کام

نوشتۂ

مولوی عبدالحق صاحب بی۔ اے (علیگ)

معتمد اعزازی انجمن ترقی اردو

—:o:—

مطبوعہ مطابع انجمن ترقی اردو

اورنگ آباد دکن

سنہ ۱۹۳۳ ع

اردو کی ابتدائی نشو و نما

میں

صوفیاے کرام کا کام

صوفی صوف سے مشتق ہو یا صفا سے ' وہ مذھبی
اور اخلاقی عالم میں ایک خاص حیثیت رکھتا ہے۔
وہ ملک و ملت سے بے نیاز ہے اور ہر قوم اور ہر
مذھب میں پایا جاتا ہے۔ وہ ایک قسم کا باغی ہے جو
رسم و ظاہر داری کو ' جو دلوں کو مردہ کر دیتی ہیں'
روا نہیں رکھتا اور اس کے خلاف علم بغاوت بلند کرتا
ہے۔ مولوی اور صوفی میں یہ فرق ہے کہ وہ ظاہر
کو دیکھتا ہے اور یہ باطن کو۔ وہ لفظ دیکھتا ہے
اور یہ معنی کو۔ وہ رسمیات اور تقلید کا پابند ہے
اور یہ ان سے بیزار ہے۔ اس کی نظر برائی پر
پڑتی ہے ارو یہ برے سے برے میں بھی بھلائی کا پہلو

ڈھونڈھ نکالتا ہے - وہ لعن طعن سے کام لیتا ہے اور
یہ مہر و محبت سے - وہ سختی اور تشدد کرتا
ہے اور یہ نرمی اور ملائمت - وہ بہت کم معاف
کرتا ہے اور اس کا شیوہ درگذر کرنا ہے - وہ
خودی اور خود نمائی سے بڑا بنتا ہے اور یہ فروتنی
اور خاکساری سے دلوں میں گھر کرتا ہے - وہ دوسروں
کے عیوب کا متجسس رہتا ہے اور یہ اپنے نفس کا محاسبہ
کرتا ہے - وہ اپنے علم سے مرعوب کرنا چاہتا ہے
اور یہ اپنے عمل سے دوسروں کو لبھاتا ہے —

مولوی سب کو ایک لاٹھی سے ہانکتا ہے لیکن
صوفی ہر ایک کے رنگ طبیعت کو دیکھتا ہے اور
جیسی جس کی طبیعت کی افتاد ہوتی ہے اُسی ڈھنگ
سے اس کی تربیت کرتا ہے - اور اس میں بعض
اوقات وہ شریعت سے تجاوز کرنے یا بعض ارکان
و اصول کے ترک کرنے میں بھی مضایقہ نہیں
کرتا - اس کی نظر انجام پر رہتی ہے - وہ مولوی
کی طرح لفظ کا بندہ نہیں بلکہ معنی کو دیکھتا
ہے - اصل صوفی بہت بڑا ماہر نفسیات ہوتا ہے اور
باوجودیکہ وہ دنیا سے ایک گونہ بے تعلق اور مولوی
اس کے مقابلہ میں بہت زیادہ دنیا دار ہوتا ہے

مگر وہ علماء کی نسبت کہیں زیادہ زمانے کی
نبض کو پہچانتا ہے - وہ دلوں کو ٹٹولتا ہے اور
اسی پر بس نہیں کرتا بلکہ دلوں کی تہ تک
پہنچتا ہے جہاں انسان کے اصل اسرار چھپے اور
دبے رہتے ہیں، جن سے ہم خود بھی اکثر واقف
نہیں ہوتے۔ مولوی کی نظر وہاں تک نہیں پہنچتی۔
اسی میں صوفی کی جیت ہے - اس کے بعد وہ
نفس کی چوریاں اس آسانی، خوش اسلوبی اور
لطف سے پکڑتا اور ان کی اصلاح کرتا ہے کہ
بعض اوقات مرید کو خبر بھی نہیں ہونے پاتی۔
اس کا سب سے بڑا اور مقدم اصول دلوں کا
ہاتھ میں لانا ہے اور اس مقصد کے حصول میں
وہ کسی ظاہری رکاوٹ کی خواہ شرعی ہو یا
غیر شرعی پروا نہیں کرتا اور سب کو توڑ کے
رکھ دیتا ہے - اور صحیح بھی ہے، جب دل
ہاتھ میں آگیا تو گویا سب کچھ مل گیا۔ کسی
دل کا ہاتھ میں لانا ایک نئی دنیا کے فتح
کرنے سے کم نہیں ہے۔ یہ جو مشہور ہے کہ "دل
بدست آور کہ حج اکبر است" یہ صوفی ہی کا
قول ہے اور صوفی ہی اس پر عمل کرسکتا ہے۔

حضرت رابعہ بصری کی نسبت کہا جاتا ہے کہ انہوں نے ایک بار فرمایا "اگر در ہوا پری مگسی ، اگر بر دریا روی خسی ، اگر دل بدست آری کسی" -

پیر استاد ہری کا ایک قول منقول ہے "نماز گزاردن کار بیوہ زناں است ، روزہ داشتن صرفۂ ناں است - حج کردن کار بیکاراں است ، دلے دریاب کہ کار آنست" * -

یہی وجہ ہے کہ علما و امرا بلکہ حکومتوں اور بادشاہوں سے بھی وہ کام نہیں ہو سکتا جو فقیر اور درویش کر گذرتے ہیں - بادشاہ کا دربار خاص ہوتا ہے اور فقیر کا دربار عام ہے جہاں بڑے چھوٹے ، امیر غریب ، عالم جاہل کا کوئی امتیاز نہیں ہوتا - بادشاہ جان و مال کا مالک ہے - لیکن فقیر کا قبضہ دلوں پر ہوتا ہے اور اس لیے اُن کا اثر محدود ہوتا ہے اور اِن کا بے پایاں - اور یہی سبب ہے کہ درویش کو وہ قوت و اقتدار حاصل ہو جاتا تھا کہ بڑے بڑے جبّار

* قلمی نسخہ سرورالصدور صفحہ (۲۲۰) کتب خانہ نواب صدر یار جنگ بہادر ، حبیب گنج —

اور با جبروت بادشاہوں کو بھی اس کے سامنے سر جھکانا پڑتا تھا —

مسلمان درویش ہندوستان میں پر خطر اور دشوار گزار رستوں ' سر بفلک پہاڑوں اور لق و دق بیابانوں کو طے کر کے ایسے مقامات پر پہنچے جہاں کوئی اسلام اور مسلمان کے نام سے بھی واقف نہ تھا اور جہاں ہر چیز اجنبی اور ہر بات ان کی طبیعت کے مخالف تھی - جہاں کی آب و ہوا ' رسم و رواج ' صورت شکل ' آداب و اطوار ' لباس ' بات چیت غرض ہر چیز ایسی تھی کہ ان کو اہل ملک سے اور اہل ملک کو ان سے وحشت ہو - لیکن حال یہ ہے کہ انھیں مرے صدھا سال گذر چکے ہیں لیکن اب بھی ہزاروں لاکھوں بندگان خدا صبح و شام ان کے آستانوں پر پیشانیاں رگڑتے ہیں اور جن جن مقامات پر اُن کے قدم پڑے تھے وہ اب تک " شریف " اور " مقدس " کے نام سے یاد کیے جاتے ہیں - یہ کیا بات تھی ؟ بات یہ تھی کہ ان کے پاس دلوں کے کھینچنے کا وہ سامان تھا جو نہ امرا و سلاطین کے پاس ہے اور نہ علما و حکما کے پاس —

لیکن دلوں کو ہاتھ میں لانے کے لیے سب سے

پہلے ہمزبانی لازم ہے - ہمزبانی کے بعد ہم خیالی پیدا
ہوتی ہے - درویش کا تکیہ سب کے لیے کھلا تھا -
بلا امتیاز ہر قوم و ملت کے لوگ ان کے پاس آتے
اور ان کی زیارت اور صحبت کو موجب برکت سمجھتے -
عام و خاص کی کوئی تفریق نہ تھی - خواص سے زیادہ
عوام ان کی طرف جھکتے تھے - اس لیے تلقین کے لیے
انھوں نے جہاں اور ڈھنگ اختیار کیے ان میں سب
سے مقدم یہ تھا کہ اس خطے کی زبان سیکھیں تا کہ
اپنا پیغام عوام تک پہنچا سکیں - چنانچہ جتنے اولیا اللہ
سر زمین ہند میں آئے یا یہاں پیدا ہوے وہ باوجود
عالم و فاضل ہونے کے (خواص کو چھوڑ کر) عوام
سے انھیں کی بولی میں بات چیت کرتے اور تعلیم
و تلقین فرماتے تھے - یہ بڑا گر تھا اور صوفیا اسے
خوب سمجھتے تھے - ہمارے اس بیان کی تصدیق فاضل
شارح اکھروتی (تصنیف ملک محمد جائسی علیہ‌الرحمۃ)
کے قول سے بھی ہوتی ہے جس کا اظہار انھوں نے
کتاب کے خاتمہ پر کیا ہے - وہ یہ ہے —

" و توہم نہ کند کہ اولیاء اللہ بغیر از
زبان عربی تکلم نہ کردہ ' زیرا کہ جملہ
اولیاء اللہ در ملک عرب مخصوص بودہ -

پس بہر ملکے کہ بودہ زبان آں ملک را
بکار بردہ اند - و گمان نکند کہ " ہیچ
اولیاء اللہ بہ زبان ہندی تکلم کردہ زیرا
کہ اول از جمیع اولیاء اللہ قطب الاقطاب
خواجہ بزرگ معین الحق و الملۃ والدین قدس اللہ
سرہ بدین زبان سخن فرمودہ ' بعد ازاں
حضرت خواجہ گنج شکر قدس اللہ سرہ
و حضرت خواجہ گنج شکر در زبان ہندی
و پنجابی بعضے از اشعار نظم فرمودہ
چنانکہ در مردم مشہور اند - اشعار از
دوہرہ و سورٹھ ... و امثال آں نظم نمودہ
ہمچناں ہر یکے از اولیا بدین لسان تکلم
می فرمودند تا کہ عہد خلافت ایشاں یا
محقق مدقق * رسید ووے درین زبان بسیارے
از مصنفات از رسائل و مطولات تصنیف
فرمودہ و یکے از مصنفات وے اکھروتی است "
افسوس کہ باوجود تلاش کے ہمیں حضرت خواجہ
معین الدین چشتی قدس سرہ العزیز کا کوئی معتبر

---

* اس سے مراد ملک محمد جائسی علیہ الرحمۃ ہیں -

قول هندی زبان میں نہیں ملا ' لیکن ان کی عالمگیر مقبولیت کو دیکھتے ہوئے یقینی امر ہے کہ وہ هندی زبان سے ضرور واقف تھے کیونکہ هندو بھی مسلمانوں سے کم اُن کے معتقد نہیں - " هندالولی" کی ترکیب ' اور " غریب نواز " کا لقب خود ان کی عام مقبولیت کی صاف شہادت دے رہے ہیں -

البتہ شیخ فریدالدین گنج شکر قدس سرہ کے متعدد مقولے ملتے ہیں - مولانا سید مبارک معروف بہ میر خورد سلطان المشائخ حضرت نظام‌الدین اولیاء کے مرید و مصاحب خاص تھے ' انھیں کے پاس رهتے اور روزانہ فیض صحبت سے مستفید ہوتے تھے - انھوں نے اپنی تالیف سیرالاولیا * میں حضرت کے اقوال و حالات جو اپنے کانوں سنے اور آنکھوں دیکھے تھے مرتب کرکے لکھے ہیں —

شیخ فریدالدین شکر گنج	اس کتاب میں حضرت شکر گنج کے دو هندی قول بھی آگئے ہیں وہ

ہم عبارت متعلقہ کے ساتھ نقل کرتے ہیں —

---

* مرتب کردہ و شایع کردہ چرنجی لال مطبوعۂ مطبع محب هند دهلی —

" منقول است چوں شیخ جمال الدین نقل کرد
مادرِ مومناں* کہ خادمہ شیخ جمال الدین رحمة الله
علیہا، بود، مصلی و عصاے شیخ جمال الدین کہ از
شیخ شیوخ العالم† یافتہ بود، مولانا برہان الدین
صوفی پسر خورد شیخ جمال الدین کہ پدر
شیخ قطب الدین منور بود، درعالم صغر بود،
بخدمت شیخ شیوخ العالم برد - شیخ شیوخ العالم
بمرحمت مولانا برہان الدین مذکورا تعظیم و
تکریم نمود و بشرف ارادت و بیعت خود مشرف
گردانید - چند روز بر خود داشت و
بوقت مراجعت خلافت نامہ و آں مصلی و
عصا با نعمتی کہ مولانا شیخ جمال الدین

---

* شیخ جمال الدین ہانسوی الخطیب حضرت شکر گنج
کے محبوب و معظم خلیفہ تھے چنانچہ محض ان
کی محبت کی وجہ سے بارہ سال تک ہانسی میں
مقیم رہے - شیخ جمال الدین کی ایک کنیز خادمہ
تھی جو بہت صالحہ تھی اور ان کے عرایض حضرت
شیخ شکر گنج کے پاس لے جایا کرتی تھی۔ حضرت
گنج شکر انھیں "مادر مومناں" کہتے تھے - اسی وقت
سے یہ لقب ان کا پڑ گیا —

† حضرت شیخ شکر گنج قدس سرہ العزیز سے مراد ہے۔

روان کردہ بود بمولانا برهان الدین صوفی
بخشید و فرمود چلا نچه جمال الدین از
جهت ما مجاز بود تو هم مجازی و این
هم فرمود باید که چند گھے در صحبت
نظام الدین باشی یعنی سلطان المشایخ -
درین محل مادر مومنان بخدمت شیخ
شیوخ العالم عرض داشت کرد بزبان هندی
که "ذوجا بالا هے" یعنی خورده است
این بار گران را طاقت نتواند آورد -
شیخ شیوخ العالم قدس سرہ العزیز فرمود
بزبان هندی "پونوں کا چاند بھی بالا
هے" یعنی شب ماہ چهاردهم در اول
شب خورده می باشد که بتدریج به کمال
می رسد" - *

اسی کتاب میں ایک دوسری جگه ایک اور واقعه
لکھا هے جس کا ترجمه یہاں لکھا جاتا هے —

شیخ علی صابر ساکن قصبه تیکری ایک بزرگ
درویش تھے اور اکثر شیخ شیوخ العالم کی خدمت

---

* سیرالاولیا صفحه ۱۸۲ -

میں حاضر رہتے تھے۔ ان کو شیخ سے اجازت بیعت بھی تھی۔ ایک وقت جب کہ بعض بزرگوں کو جنہیں شیخ نے دولت خلافت سے مشرف کیا تھا، ایک ایک کرکے وداع فرما رہے تھے اور مخصوص وصیتیں کررہے تھے اور ایک ایک شخص ان کے ہمراہ کر رہے تھے، اس اثنا میں شیخ علی صابر نے عرض کی کہ بندہ کے باب میں کیا ارشاد ہے۔ فرمایا "اے صابر برو بہو کہا خواهی کرد" "یعنی ترا عیش خوش خواهد گزشت"۔ *

تہمات شاهی میں جو حضرت شاہ عالم کے ملفوظات کا مجموعہ ہے حضرت شکرگنج کا یہ منظوم قول نقل کیا ہے —

اسا کیری یہی سوریت جاؤں ناتی کہ جاؤں مسیت

اس کے علاوہ حضرت کی بعض نظمیں بھی ملتی ہیں۔ چنانچہ ایک پرانی بیاض میں مجھے یہ نظم دستیاب ہوئی:—

تن دھوئے سے دل جو ہوتا پوک
پیش رو اصفیا کے ہوتے غوک

---

* سیرالاولیا صفحہ ۱۸۵۔

ربش سبلت سے گر بڑے ہوتے
بو کڑواں* سے نہ کوئی بڑے ہوتے
خاک لانے† سے گر خدا پائیں
گاے بیلاں بھی واصلاں ہو جائیں
گوش گری میں گر خدا ملتا
گوش چویاں (ھکذا) کوئی نہ واصل تھا

عشق کا رموز نیارا ہے جز مدد پیر کے نہ چارا ہے

کئی سال ہوے محمد شمیم صاحب تسنوی بہاری کا ایک خط مجھے وصول ہوا جس میں انہوں نے فرمایا تھا کہ کتب خانہ الاصلاح تیسنہ کی ایک قلمی کتاب کی جلد خراب ہوگئی تھی جب اس کی نئی جلد بندھنے کو دی تو جلد کے اندر ایک کاغذ لگا ہوا ملا جس پر حضرت شیخ فرید شکرگنج کی یہ غزل ریختہ لکھی ہوئی تھی :—

وقت سحر وقت مناجات ہے خیز دراں وقت کہ برکات ہے
نفس صبا دا کہ بگوید ترا خسپ چہ خیزی کہ ابھی رات ہے
باتن‡ تنہا چہ روی زیر زمیں نیک عمل کن کہ وہی سات ہے

---

* بکرے۔ † لگانے۔ ‡ اصل مسودے میں کاتب نے 'باتن' کو 'باطن' اور 'زیر' کو زبن لکھ دیا ہے —

پند شکرگنج که بدل جاں‌شنو　　ضایع مکن عمر که هیهات هے

مجھے حضرت کی ایک نظم "جوولنا شیخ فرید شکر گنج" کے نام سے ملی هے یہ چار صفحے کا رساله هے - نمونے کے طور پر دو شعر اُس کے لکھتا هوں :—

(سگن ذکر جلی)

جلی یاد کی کرنا هر گھڑی یک تل حضور سوں ٹلنا نیں
اُٹھہ بیٹھہ میں یاد سوں شاد رهنا گواہ دارکو چھوڑ کے چلنا نیں

—٭—

پاک رکھہ توں دل کو غیر ستی آج سائیں فرید کا آوتا هے
قدیم قدیمی کے آرنے سیں لا زوال دولت کوں پاوتا هے

حضرت شیخ شکر گنج کا سنہ ولادت ۵۶۹ هجری اور سنہ وفات ۶۶۳ هجری هے - حضرت خواجہ قطب‌الدین بختیار کاکی کے مرید و خلیفہ تھے اور پاک پٹن میں قیام تھا —

شیخ حمیدالدین ناگوری

حضرت شیخ حمیدالدین ناگوری (ولادت ۵۹۰ هجری اور سنہ وفت ۶۷۳ هجری) کا ایک واقعہ خود اُن کی زبانی سرورالصدور میں یوں لکھا هے —

" شیخ بزرگ (شیخ حمیدالدین ناگوری)

فرمودند اگرچہ جدہ شما سہب بیاں می کند
و لیکن همه از کرامت است ۔ وقتے پیش
ایشاں می گزشتم خورد بودم و ایشاں
برکہت بودند همیں که نزدیک ایشاں
رفتم دست بگرفتند و بزبان هندی گفتند
می دانی جد تو کیست ' گفتم بی بی ۔
چگونه ' گفت از جد تو هیچ کس بجز
پیغمبرش بزرگ نیست " — *

اس سے صاف ظاهر هے که اس زمانے میں ان
بزرگوں کے گھروں میں بھی هندی بول چال کا
رواج تھا اور چونکه یه ان کے مفید مطلب تھا اس
لیے وہ اپنی تعلیم و تلقین میں بھی اسی سے
کام لیتے تھے —

اس سے اس امر کا ثبوت ملتا هے که وہ زبان
جسے هندی کہتے تھے اور جو باوجود تغیر و تبدل
کے کچھه مدت قبل تک هندی کہلاتی هے اور اب
اُردو کے نام سے موسوم هے کس طرح همارے ملک
میں اندر باهر چھائی هوئی تھی —

* سرورالصدور صفحه (۲۲۰)

شیخ شرف الدین بو علی قلندر	حضرت شیخ شرف الدین بو علی قلندر پانی پتی (وفات سنہ ۷۲۴ ھجری)

بڑے صاحب جلال اور صاحب اثر بزرگ ہوئے ہیں۔
جب علاءالدین خلجی اپنے چچا جلال الدین خلجی کو
قتل کر کے تخت و تاج پر قابض ہوا تو اس نے
اپنی اس سفاکی پر پردہ ڈالنے کے لیے لشکریوں
نیز دوسروں کو اپنی داد و دہش سے خوش کرنے کی
کوشش کی۔ اس وقت اس کے مصاحبوں نے کہا کہ
حضرت بو علی قلندر کو خوش کرنا بہت ضروری
ہے اگر ان کی نظر آپ کی طرف سے پھری رہی
تو رعایا میں ہر دلعزیزی حاصل کرنا دشوار ہوگا۔
علاءالدین نے چاہا کہ اپنی طرف سے کسی کو ان
کی خدمت میں بھیجے لیکن کسی کو ہمت نہ ہوئی۔
آخر امیر خسرو اس کام پر متعین ہوئے۔ انہوں نے
گا بجا کر حضرت کو خوش کر لیا۔ اس کے بعد
حضرت نے بھی اپنا کچھ کلام سنایا جسے سن کر
امیر خسرو بہت آبدیدہ ہوئے۔ حضرت نے فرمایا
"ترکا کچھ سمجھ دار ہے" امیر خسرو نے کہا اسی
لیے تو روتا ہوں کہ کچھ نہیں سمجھتا —

صاحب فرہنگ آصفیہ لکھتے ہیں کہ "ھجری

ساتویں صدی بعہد محمد تغلق شاہ و علاءالدین خلجی جس زبان کا رواج تھا اس کی اس دوھے سے جو حضرت شیخ شرف‌الدین بو علی قلندر صاحب کی زبان مبارک سے مبارز خان صاحب کے ارادۂ سفر کے موقع پر نکلا تھا ، کیفیت معلوم ہوتی ہے —

سجن سکارے جائیں گے اور نین مریںگے روے
بدھنا ایسی رین کر بھور کدھی نہ ہوے

اسی مضمون کو آپ نے فارسی میں اس طرح ادا کیا ہے —

من شنیدم یار من فردا رود راہ شتاب
یا الٰہی تا قیامت بر نیاید آفتاب

امیر خسرو | سلطان الاولیا شیخ نظام‌الدین (ولادت سنہ ۶۳۴ ہجری وفات سنہ ۷۲۵ ہجری) سلسلۂ چشتیہ میں عجب صاحب کمال ، وسیع مشرب ، صاحب دل اور صاحب ذوق بزرگ گزرے ہیں ۔ ہر ملت و مشرب کے لوگ ان کے ہاں حاضر ہوتے اور ان کے عرفان و زندہ دلی سے فیض پاتے تھے ۔ انہوں نے کئی بادشاہوں کا زمانہ دیکھا اور بعض بادشاہوں نے ہر چند یہ چاہا کہ وہ ان کے دربار میں حاضر ہوں اور اس معاملہ میں سختی سے بڑی

پیش آئے مگر شیخ نے مطلق پروا نہ کی اور آخر ان جبار بادشاہوں کو نادم ہونا پڑا اور کسی کی مجال نہ ہوئی کہ ان پر ہاتھہ ڈالے - آپ سماع کے بہت شایق تھے اور ہندی راگ کی بہت سرپرستی فرماتے تھے - ہندوستان کے اکثر اولیا اللہ نے ہندی موسیقی کو بھی اپنی سرپرستی سے بڑی ترقی دی اور اس میں خاص ذوق اور کمال حاصل کیا - چنانچہ شیخ بہاءالدین زکریا ملتانی اور شیخ بہاءالدین برناوی وغیرہ اس فن میں بڑے کامل گزرے ہیں - امیر خسرو کو بھی سلطان الاولیا ہی کی درگاہ سے فیض پہنچا تھا - وہ ان کے خاص مریدوں میں سے تھے اور اکثر ان کے نغموں کو سن کر محظوظ ہوتے تھے - امیر خسرو نے موسیقی میں جدتیں دکھائی ہیں اور فارسی اور ہندی موسیقی کو ملایا ہے - اور زیادہ تر غالباً یہی وجہ تھی کہ انھوں نے ہندی میں نظمیں اور دھرے لکھے - افسوس ان کا ہندی کلام اب تک دستیاب نہیں ہوا - تذکروں میں کہیں کہیں بعض چیزیں مل جاتی ہیں - میر تقی میر نے اپنے تذکرہ نکات الشعرا میں اُن کا یہ قطعہ لکھا ہے —

زر گر پسرے چو ماہ پارا کچھہ گھڑئیے سنوارئیے پکارا
نقد دل من گرفت و بشکست پھر کچھہ نہ گھڑا نہ کچھہ سنوارا

ریختہ اسی کا نام ہے جس میں فارسی ہندی دونوں ملی ہوئی ہیں اور یہیں سے اردو کی ابتدا ہوتی ہے —

ایک مشہور غزل ریختے کی ان کے نام سے تذکروں میں ملتی ہے جس کے چند شعر یہ ہیں —

ز حال مسکیں مکن تغافل دو رائے نیناں بنائے بتیاں
کہ تاب ہجراں ندارم اے جاں نہ لیہو کاہے لگائے چھتیاں

شبان ہجراں دراز چوں زلف و روز وصلش چو عمر کوتاہ
سکھی پیا کوں جو میں نہ دیکھوں تو کیسے کاٹوں اندھیری رتیاں

یکایک از دل دو چشم جادو بصد فریبم ببرد تسکیں
کسے پڑی ہے جو جا سناوے پیارے پی کو ہماری بتیاں

اس کے علاوہ بیسوں پہیلیاں انملیاں اور کہہ مکرنیاں وغیرہ ان کے نام سے مشہور ہیں جن کی صحت کا اس وقت کوئی معتبر ذریعہ نہیں —

بالا تھا جب سب کو بھایا
بڑا ہوا کچھہ کام نہ آیا
خسرو کہہ دیا اس ناوں
بوجھے نہیں تو چھوڑو گاوں (چراغ)

دس ناری ایک ہی نر
بستی باہر وا کا گھر
پیٹھہ سخت اور پیٹ نرم
منہ میٹھا تاثیر گرم (خربوزہ)

شیخ سراج الدین عثمان

تاریخ فرشتہ میں منقول ہے کہ شیخ سراج الدین عثمان معروف بہ اخی سراج (وفات سنہ ۷۵۸ ہجری) جو سلطان اولیا کے مرید اور خواجہ نصیرالدین چراغ دہلوی کے خلیفہ تھے بعد وفات سلطان اولیا بنگالہ سے دہلی آئے اور حضرت چراغ دہلی سے خرقۂ خلافت حاصل کیا - خواجہ نے فرمایا کہ بنگالہ جاؤ - انہوں نے کہا وہاں پہلے سے شیخ علاءالدین قل موجود ہیں اور مرجع خلائق ہیں - وہاں میرے جانے کی کیا ضرورت ہے - اس پر خواجہ صاحب نے فرمایا " تم اوپر وہ تل " ---

شیخ شرف الدین یحیٰی منیری

اسی زمانے کے ایک بزرگ اور صوفی کامل شیخ شرف الدین یحیٰی منیری ہیں (ولادت سنہ ۶۶۲ ہجری وفات سنہ ۷۸۲ ہجری) منیر بہار کا ایک قصبہ ہے اور اسی سے منسوب ہیں - پوربی اور ہندی بھاشا کے شاعر

تھے - اب تک ان کے بتائے ہوے بعض منتر سانپ بچھو اور سایہ کے اتارنے اور دفع امراض اور جھاڑ پھونک کے لیے پڑھتے ہیں جن کے آخر میں ان کی دھائی ہوتی ہے - پروفیسر شیرانی نے اپنی کتاب میں مولوی محبوب عالم صاحب کی بیاض سے ایک کچ مندرہ نقل کیا ہے - میرے ایک دوست کو بھی اسی قسم کا سانپ کے زہر اتارنے کا منتر یاد ہے اور وہ اس کے عامل ہیں - اسی قسم کی عبارت ہے اور وہی شاہ صاحب کی دھائی ہے - ان منتروں اور کچ مندروں سے اس زمانے کی پوربی بولی کا کچھہ یوں ہی سا اندازہ ہوتا ہے البتہ اس میں دو دہرے آگئے ہیں وہ ضرور قابل لحاظ ہیں - وہ یہ ہیں —

کالا ہنسا نہ ملا بسے سمندر تیر
پنکھہ پسارے بکہ ہرے نرمل کرے سریر
درد رہے نہ پیر

شرت حرت مائل کہیں درد کچھہ نہ بسائے
گرد چھوٹیں دربار کی سو درد دور ہوجائے

حضرت شاہ برہان الدین غریب

حضرت نظام الدین اولیا کا فیض ہندوستان میں دور دور پہنچا ہے - حضرت شاہ برہان الدین (وفات سنہ ۷۳۸ ھجری)

جو برہان الدین غریب کے نام سے مشہور ہیں آپ کے اکابر خلفا میں سے ہیں ۔ جس وقت سلطان محمد تغلق نے دولت آباد کو ہندوستان کا دارالسلطنت بنایا اور ساری دلی کو اجاڑ کر یہاں لا بسایا ، تو اس وقت شیخ برہان الدین اور سلطانجی کے بہت سے خلفاء و مریدین دولت آباد آے ۔ دکن کی خلافت شیخ برہان الدین اور ان کے بڑے بھائی منتجب الدین کو عطا ہوئی ۔ یہ لوگ یہیں رہ گئے اور یہیں انہوں نے اپنی تعلیم کا سلسلہ جاری رکھا —

حضرت سید علاء الدین ضیا چشتی (دولت آبادی) کے احوال میں یہ منقول ہے کہ جب سلطان جی نے حضرت برہان الدین غریب کو دکن جانے کا حکم دیا تو ساتھ ہی یہ بھی فرمایا کہ " میری پیر زادی دولت آباد میں قیام فرما ہیں ان کی خدمت میں سرگرم رہنا "۔ اس سے مراد حضرت بیوی عائشہ بابا فرید شکر گنج کی صاحبزادی ہیں ۔ آپ ہر جمعہ کو بعد نماز جمعہ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے ۔ بیوی عائشہ کی ایک بیٹی تھیں جو بہت بڑی عابدہ اور زاہدہ تھیں ۔ ایک بار جو آپ حسب معمول بعد نماز جمعہ حاضر ہوے تو ان کی نگاہ

اس لڑکی پر پڑی اور ان کو دیکھہ کر متبسم ہوے ۔
بیوی عائشہ نے بہ زبان ملتانی فرمایا —
" اے برھان الدین ! ساڑی دھیہ کہ کہیا ھنسدا ھے "
یعنی اے برھان الدین ! تو ھماری لڑکی کو دیکھہ کر کیوں ھنستا ھے ۔
اس سے ظاھر ھے کہ یہ بزرگ مقامی اور وطنی
بولیوں کو بلا تکلف بولتے تھے اور اس کے استعمال
سے کبھی عار نہ کرتے تھے بلکہ ان کو اپنے مقاصد
کی تکمیل کے لیے ضروری سمجھتے تھے —

حضرت گیسو دراز بندہ نواز سلطانجی کا فیض دکن میں ایک
اور ذریعہ سے بھی پہنچا ھے ۔ حضرت
کے بہت بڑے خلیفہ اور جانشین شیخ نصیرالدین
چراغ دھلی تھے ۔ سلطانجی انھیں بوجہ کثرت فضل
و دانش " گنج معانی " کہا کرتے تھے ۔ انھیں کے
خلیفہ و مرید سید محمد ابن یوسف الحسنی الدھلوی
(وفات سنہ ۸۲۵ ھجری) تھے جو گیسو دراز کے
لقب سے مشہور ھیں ۔ یہ اپنے پیر و مرشد کی
وفات کے بعد جب (سنہ ۸۰۱ ھجری میں) گجرات
کے رستے مختلف مقامات سے ھوتے ھوے دکن روانہ
ھوے تو شیخ نصیرالدین چراغ دھلی کے بہت سے
مرید ان کے ھمراہ ھو لیے اور اس قافلے کے ساتھہ

سنہ ۸۱۵ ھجری میں حوالیء حسن آباد گلبرگہ میں فایز ہوے ۔ وہ زمانہ فیروز شاہ بہمنی کا تھا ۔ بادشاہ کو جب فیروزآباد میں آپ کے آنے کی خبر ہوئی تو تمام ارکان و امراے دولت اور اپنی اولاد کو ان کے استقبال کے لیے بھیجا ۔ بادشاہ کا بھائی احمد خاں خانخاناں جو بعد میں اس کا جانشین ہوا ان کا بہت بڑا معتقد ہوگیا تھا ۔ آپ نے اپنی بقیہ زندگی یہیں بسر کی اور سر زمین دکن کو اپنی تعلیم و تلقین سے فیض پہنچاتے رہے ۔

حضرت صاحب علم و فضل اور صاحب تصانیف بھی ہیں ۔ آپ کا معمول تھا کہ نماز ظہر کے بعد طلبہ اور مریدوں کو حدیث اور تصوف اور سلوک کا درس دیا کرتے تھے اور گاھے گاھے درس میں کلام و فقہ کی تعلیم بھی ہوتی تھی ۔ جو لوگ عربی فارسی سے واقف نہ تھے اُن کے سمجھانے کے لیے ہندی زبان میں تقریر فرماتے تھے ۔

مجھے ایک قدیم بیاض ملی ھے جس میں بیجاپور کے مشہور صوفی خاندان کے بزرگوں کے نظم و نثر کے رسالے اور اقوال جو زیادہ تر ہندی یعنے قدیم اردو میں ہیں ' اس خاندان کے کسی معتقد

نے بڑے اہتمام و احتیاط سے جمع کیے ہیں - اس کا سنہ کتابت ۱۰۶۸ ہجری ہے - چونکہ اس خاندان کے بزرگوں کو حضرت بندہ نواز گیسو دراز سے نسبت ہے اس لیے ان کا بھی ایک آدھ رسالہ اور بعض اقوال وغیرہ اس میں پائے جاتے ہیں - منجملہ ان کے ایک مثلث بھی ہے جو یہاں نقل کیا جاتا ہے —

او معشوق بے مثال نور نبی نہ پایا
اور نور نبی رسول کا میرے جیو میں بھایا
اپسیں اپیں دیکھا و نے کیسی آرسی لایا

حضرت گیسو دراز صاحب تصانیف کثیرہ تھے ' یہ زیادہ تر فارسی میں ہیں اور بعض عربی میں - یہ بھی مشہور ہے کہ انھوں نے عام لوگوں کی تلقین کے لیے بعض رسالے اپنی زبان میں بھی لکھے - ان کا ایک رسالہ " معراج العاشقین " میں مرتب کر کے شایع کر چکا ہوں - اس کا سنہ کتابت سنہ ۹۰۲ ہجری ہے - اس کی زبان کا نمونہ یہ ہے —

" اے عزیز! اللہ بندہ پنا یہاں پچھان کو جانا ' نیں تو شرع جاتا ہے - اول اپنی پچھانت بعد از خدا کی پچھانت کرنا " -

"انسان کے بوجنے کوں پانچ تن۔ ہر ایک تن
کوں پانچ دروازے ہیں ہور پانچ دربان ہیں۔
پہلا تن واجب الوجود، مقام اس کا شیطانی۔ نفس
اس کا امارہ یعنے واجب کی آنک سوں غیر نہ
دیکھنا سو، حرص کے کان سوں غیر نہ سننا سو،
حسد نک سوں بد بوئی نا لینا سو، بغض کی زبان
سوں بدگوئی نہ کرنا سو، کینا کی شہوت کوں غیر
جاگا خرچنا سو۔ پیر طبیب کامل ہونا، نبض پہچان
کوں دوا دینا" —

علاوہ اس رسالے کے میرے پاس آپ کے متعدد
اور رسالے اس زبان میں ہیں 'تلاوت الوجود'
'درالاسرار' شکار نامہ' تہٹیل نامہ' ہشت مسایل
وغیرہ۔ اگرچہ زبان ان کی قدیم ہے لیکن یہ کہنا
بہت مشکل ہے کہ انہیں کی تصنیف ہیں یا ان سے
منسوب ہیں۔ بیاض مکتوبہ ۱۰۱۸ھ کے علاوہ دو
اور بیاضوں میں ان کی ایک غزل قدیم طرز ریختہ
میں ملی ہے جس کی نسبت یقینی طور پر یہ نہیں
کہہ سکتا کہ انہیں کی ہے۔ البتہ مقطع میں تخلص
انہیں کا ہے۔ وہ یہ ہے —

توں تو صحی ھے لشکری کر نفس گھوڑا سارتوں
ھوے نرم نہ تجہ اوچڑے پس کہایگا آزار توں
سختیچ گھوڑا زور ھے خود خیال اس کا ھو رھے
تن لوتلے کا چور ھے نہ چھوڑ اس بہ تہارتوں
گھوڑے کوں بہیتر کھوڑ ھے اس‌کوں نہ حکمت ھورھے
ھر دم ذکر سوں توڑ ھے غافل نہ ھو ھشیار توں
کر دسکلا دل کیاں کا انعام دے خوش دھیان کا
چارا کھلا ایمان کا رکھ باند اپنے دار توں
خوگیر شریعت نعل بند زین ھے طریقت زیر بند
حق ھے حقیقت پیش بند تنگہ معرفت اختیار توں
دوھے رکاباں نیک بد رکہنا قدم توں دیکھ حد
کچھہ ھو پڑے کا دیکھہ تب توبہ کی چابک مار توں
تب قید گھوڑا آےگا تجھہ لا مکاں لے جاے گا
تب عشق جھگڑا پاے گا خد مارلے تروار توں
شہباز حسینی کھوے کر ھردو جہان دل دھوکر
اللہ آپے یک ھوے کر تب پاوے گا دیدار توں

یہ صوفی بزرگ ھندوستان کے ھر صوبے اور خطے میں پھیلے ھوئے تھے۔ اسی زمانے کے قریب ھم گجرات میں حضرت قطب عالم اور حضرت شاہ عالم کے نام پاتے ھیں جو وھاں مرجع خلایق تھے —

حضرت قطب عالم و حضرت شاہ عالم	سید برہان الدین ابو محمد عبداللہ المشہور بہ قطب عالم ابن سید

ناصر الدین ابن سید الاقطاب مخدوم جہانیاں بخاری سنہ ۷۹۰ ھجری میں پیدا ہوے اور سنہ ۸۵۰ ھجری میں وفات پاگئے - دس سال کی عمر میں والد کا انتقال ہوگیا - ان کے حقیقی چچا اور مخدوم جہانیاں کے مرید و خلیفہ سید راجو قتال ان کی پرورش و تربیت کے متکفل ہوے - دو سال بعد سنہ ۸۰۳ ھجری میں اپنی والدہ کے پاس پٹن میں آ گئے - سلطان احمد گجرات کا بادشاہ ان کی بڑی تعظیم و تکریم کرتا تھا - اور جب اس نے احمد آباد بسایا تو پٹن سے احمد آباد آ گئے - بعد ازاں موضع بتوہ میں قیام فرمایا اور وہیں انتقال کیا - اس موضع کے قیام کے زمانے کا ذکر ہے کہ ایک روز شب کو نماز تہجد کے لیے اُٹھے ' صحن میں ایک لکڑی پڑی ہوئی تھی اس سے ٹھوکر لگی ' پانوں میں چوٹ آئی اور خون بہنے لگا - اس وقت آپ کی زبان سے یہ کلمہ نکلا "لوہا ہے کہ لکڑی ہے کہ پتھر ہے" *-
ایک دوسرا واقعہ یوں مذکور ہے کہ جب

---

* تحفۃ الکرام صفحہ (۱۲) -

آپ کے فرزند سید شاہ محمود معروف بہ شاہ بڈہ کے ہاں شاہ راجو پیدا ہوے (جو اپنے اور بھائیوں سے چھوٹے تھے) تو جس وقت ان کے تولد کی خبر آپ کو پہنچی تو شاہ محمود سے جو سامنے بیٹھے تھے فرمایا "بھائی محمود خوش ہو اساں تہیں و ڈا تساں تہیں وڈا اساڈتے گھر جلال جہانیاں آیا" † -

ان کے فرزند اور خلیفہ حضرت شاہ عالم فرماتے ہیں کہ ایک روز میں حضرت قطب عالم کے حجرہ مشغولی میں جا پہنچا کیا دیکھتا ہوں کہ سخت بے چین اور مضطرب ہیں اور دیوار پکڑے سارے حجرے میں پھر رہے ہیں اور یہ ہندی کلمات زبان پر جاری ہیں —

" محمد پر میں کھڑیا سائیں پریم چکھاے "

— (جمعات شاہیہ)

حضرت سراج الدین ابوالبرکات سید محمد مشہور بہ شاہ عالم حضرت شاہ قطب عالم کے فرزند اور خلیفہ تھے ان کے ایک مرید نے ان کے اقوال و ملفوظات ایک

---

† تحفۃ الکرام صفحہ (۱۸) -

کتاب میں جمع کئے ہیں جس کا نام جمعات شاہی ہے - اس میں حضرت قطب عالم و شاہ عالم وغیرہ کے متعدد اقوال ہندی اور گجراتی میں پائے جاتے ہیں۔ ان میں سے چند نقل کئے جاتے ہیں۔ ایک موقع پر فرمایا —

(۱) کاندھی کا راجا تم سر کوئی نبوجھ
سکیں کا راجا تم سر کوئی نبوجھ

فرمودند اگرچہ بزبان ہندی است اما موافق عربی است —

(۲) ایک روز فرمایا کہ حضرت قطبیہ کے عہد میں میرے سر پر کچھہ دیوانگی سی سوار تھی جو کوئی کچھہ سوال کرتا تو خدا سے دعا کرتا اور ہر ایک کا حال بر ملا کہہ دیتا - کسی سے کہتا کہ تیری عمر اس قدر باقی ہے کسی سے کہتا تیرے بیٹا ہوگا اور کسی سے کچھہ کسی سے کچھہ - فرماتے ہیں کہ بعد وصال حضرت قطبیہ (قطب عالم) نے یہ بات میرے دل میں ڈالی —

"ابے چھو کرا ' بے ادبی بگذار و گستاخی مکن"

فرماتے ہیں کہ کسی نے ذکر کیا کہ ستہ یہ میں خدا کا نام نہیں لینا چھٹے میں نے آہستہ

سے کہا کہ اس کا کیا کروں حق تعالیٰ خود مجھے
نہیں چھوڑتا - بادشاہ گھوڑے پر سے نہیں اُترتا گھوڑا
بچارا کیا کرے —

ایتو بدو بر یھو یا کیں اکہارے
ھوں لاج مروں بیگ نیار و نہوے

ایک روز حضرت شاہ عالم گھوڑ بہل میں سوار
جا رہے تھے اور میاں مخدوم شاہ (احمد) بھی
ھمرکاب تھے - سلطان شاہ غزنی قدس سرہ جو سلاطین
گجرات کے اعزہ میں سے تھے گھوڑے پر سے اترے
اور نہ سلام آداب کیا - میاں مخدوم نے کہا کہ
حضرت آپ نے اس جوان کے غرور و کبر کو ملاحظہ
فرمایا - آپ نے ھندی زبان میں ارشاد کیا —

" ارجن جی کا او نہ بہایا ھوے تو تجھہ
سے فقیروں کی بوسوں تیں کدّاسی کرے " * -

ایک روز سیدہ محمدی را جو قتال کے مناقب کا
ذکر آیا - یہ سیدالاقطاب مخدوم جہانیاں کے چھوٹے
بھائی اور حضرت قطب عالم کے چچا تھے - ان کی
والدہ کا نام جلت خاتوں تھا - حضرت مخدومیہ نے
ان کے حق میں زبان اُچہ میں فرمایا —

---

* تحفۃ الکرام صفحہ ۴۱ -

" تساں راجے اساں خواجے "

یعنی

تم بادشاہ اور ہم وزیر

حضرت سید محمد جونپوری	حضرت سید محمد جونپوری بہت بڑے بزرگ اور صاحب تصرف گزرے ہیں۔

ان کے مرید اور پیرو انہیں " مہدی آخرالزماں " مانتے ہیں۔ لوگوں کی مخالفت کی وجہ سے ان کا بہت سا زمانہ سیاحت میں گزرا۔ ان کے بعض اقوال فرقہ مہدویہ کی کتابوں میں اب تک محفوظ ہیں۔ ان میں سے چند یہاں نقل کئے جاتے ہیں۔ باوجود علم و فضل کے وہ اکثر ہندی یا گجراتی میں مخاطبت فرماتے تھے ــــ

(۱) شیخ احمد کھٹو * کی نسبت آپ نے فرمایا " رو پیتنے خدا کوں پونچے " (یعنے بہ گریہ و زاری خدا رسید) (از تاریخ سلیمانی جلد اول) ــ

---

* احمد کھٹو مشہور بہ گنج بخش بہت بڑے بزرگ اور شیخ وقت گزرے ہیں۔ سنہ ۲۰۱ ہجری میں بعہد حکومت مظفر خاں گجرات میں آے سنہ ۸۴۹ ہجری میں انتقال فرمایا۔ موضع کھٹو میں مدفون ہیں۔ (تحفۃالکرام صفحہ ۲۲ - مرآۃ احمدی صفحہ ۵۰) ــ

(۲) خراسان کے سفر میں سلطان حسین کی فوج نے آپ کے اصحاب کو تکلیف دی اور جب سلطان کو اس کی خبر پہنچی تو اس کی معذرت کی۔ اس وقت سلطان کے سفیر کے سامنے یہ جملہ فرمایا
" شہ کی چوٹ شکر کی پوٹ "

(۳) حج کے سفر میں یہ دوھرا فرمایا —

ھوں بلہاری سجنا ھوں بلہار
ھوں سر جن سہرا ساجن مجھہ گل ھار

(از شواھدالولایت)

(۴) رحلت سے کچھہ پہلے یہ دوھرا ارشاد کیا۔

ھیر وقت * پکہال توں کان پر دھوے مدھوے
او جول ھو ویں نچھوت سی سکھہ نندری ناسوے

یہی دوھرہ بیدر میں قاضی علاءالدین بیدری کو مخاطب کر کے فرمایا تھا (شواھدالولایت)

(۵) - (۶) ذیل کے دو دھرے مجھے اسرار عشق تصنیف مومن (۱۰۹۱) کے ایک قدیم نسخہ میں ملے ھیں۔ جس کے سر ورق یہ عبارت درج ھے —

" این کتاب مسمی با اسرار عشق محض ابتدا تا انتہا شرح نقل مقدسہ سید محمد

---

* (ھراتت)

مہدی موعود است و سوائے ایں حرف نیست ۔ نقل اینست کہ مہدی علیہ اسلام فرمود "تمام عالم مصطفیٰ کے ولایت کا صفت کرنے بیچ سوا ۔ ہمارے ملانے دو کو جری دھیاں میں مصطفیٰ کی ولایت کی صفت کیے"

دوہرہ

چندر کہے تر ایں* کوں سورج دیکھو آئے
ایسا بھگونت جو بھیٹیے دشت پاپ چھر جائے

دوہرہ دیگر —

تو روپ دیکھہ جگ موھیا چند تر ایں* بہاں
اتہیں روپ یہاں ہوویں کو وھی نہ ہوے آن

ایں تمام کتاب شرح و تفسیر ھمیں دو دوہر ھا است —

آپ کی ولادت سنہ ۸۴۷ ھجری اور وفات سنہ ۹۱۰ ھجری میں بہ مقام فراہ (بلوچستان) واقع ہوئی وھیں مدفون ہوے —

شیخ بہاءالدین باجن	شیخ بہاءالدین باجن (ولادت سنہ ۷۹۰ ھجری وفات سنہ ۹۱۲ ھجری)

برھان پور کے اولیاء اللہ میں سے ھیں۔ شیخ عزیز اللہ المتوکل

* (نسخہ) تراین —

علی اللہ کے مرید تھے۔ آپ کی ایک کتاب " خزانۂ رحمت " ہے جس میں اپنے مرشد کے ملفوظات اور ارشادات جمع کئے ہیں - بقول صاحب تاریخ برہان پور " اُس زمانے میں جو ملک ہند کی طرز زبان تھی اس طور پر کلمات شعر بہ مضمون تصوف کبھی کبھی موزوں فرماتے تھے " ... از آنجملہ یہ ہے پردۂ پوربی میں -

یوں باجن باجے رے اسرار چھاجے

مدل سن میں دھمکے ربابِ رنگ میں جھمکے

صوفی ان پر تھمکے

یوں باجن باجے رے اسرار چھاجے

پروفیسر شیرانی نے ان کے متعدد اشعار لکھے ہیں۔ ان میں دو ایک یہاں نقل کئے جاتے ہیں -

یہ فتنی کیا کسی سے ملتی ہے جب ملتی ہے تب چھلتی ہے

اوں آں چھل بہت چھلا ئے آں چھو ہری بہتی کھا ئے

آں رو کر بہت رلا ئے

یہ فتنی کیا کسی سے ملتی ہے جب ملتی ہے تب چھلتی ہے

محمد سرور پریم کا رحمت اللہ بھریا

باجن جیو را وار کر سر آگیں دھریا

روزے دھر دھر نماز گذاری دیندی فرض زکواۃ
بن فضل تیرے چھوتک نا ھیں آ کیں مکھ میں بات

شیخ عبدالقدوس گنگوھی۔

شیخ عبدالقدوس گنگوھی (ولادت سنہ ۸۶۰ ھجری وفات سنہ ۹۴۵ ھجری) شیخ محمد بن شیخ احمد عبدالحق چشتی صابری کے مرید اور صاحب تصانیف کثیرہ ھیں - وہ ھندی کے شاعر تھے اور الکھ داس تخلص کرتے تھے - پروفیسر شیرانی نے اپنی کتاب " پنجاب میں اردو " میں ان کے کلام کا نمونہ دیا ھے - اس میں سے یہ چند شعر نقل کئے جاتے ھیں -

دھن کارن پی آپ سنوارا بن دھن سکیں کنت کنبارا
شہ کوہلے دھن مانہیں ایواں باس پھول میں اچھے جیواں
کیوں نہ کھیلوں تیج سنگ میتا مجھ کارن تیں اپتا کیتا
الکھ داس آ کھے سن سوئی سوئی پاک ارند پھن سوئی

جدھر دیکھوں ھے سکھی دیکھوں اور نکوئی
دیکھا بوجھ بچار منہ سبھی آ ہیں سوئی

حضرت شاہ محمد غوث گوالیاری۔

حضرت شاہ محمد غوث بہت بڑے بزرگ اور اھل اللہ میں تھے شیخ وجیہ الدین جیسے بلند پایہ عالم اور شیخ بھی ان سے ارادت رکھتے تھے اگرچہ وہ مرید شاہ قادن تھے مگر فیض روحانی انہیں شاہ محمد غوث ھی سے حاصل ھوا - مقصود المراد (ملفوظات سید ھاشم علوی) میں خود شاہ ھاشم (جو شیخ وجیہ الدین کے بھتیجے ھیں) کی زبانی یہ لکھا ھے کہ شاہ وجیہ الدین کی تربیت حضرت شاہ محمد غوث نے فرمائي اور علم حقایق سکھایا اور باوجودیکہ انہوں نے بائیس سال کی عمر میں ایک سو بیس علم تحصیل کئے لیکن خود شاہ صاحب (شاہ وجیہ الدین) فرماتے تھے اگر میں شیخ سے ملاقات نہ کرتا تو میں مسلمان نہ ھوتا اور پھر فرمایا کہ جو معرفت اللہ تمام عمر میں حاصل نہوئي تھی وہ ایک شب میں حاصل ھوگئی ــــ

اس کتاب میں شاہ صاحب کا ایک ھندي قول سید شاہ ھاشم کی زبانی بیان کیا گیا ھے ـــــ

"بھیکی بھیک خدا کو نہ میلے"

یعنے بھکاری کو خدا نہیں ملتا ان کے بعض اور اقوال اور ھندی اشعار بھی میری نظر سے گزرے ھیں جنکو

میں وقت کی تنگی کی وجہ سے اس وقت تلاش نہیں کرسکا ۔

حضرت کا انتقال سنہ ۹۷۰ ہجری میں آگرہ میں ہوا، گوالیار میں دفن ہوئے ۔ آپ کی عمر بقول بدایونی وفات کے وقت اسی سال کی تھی ۔

شیخ وجیہ الدین احمد علوی ۔

شیخ وجیہ الدین احمد العلوی قدس سرہ بہت بڑے عالم اور صاحب باطن ہوے ہیں ۔ صاحب تصانیف ہیں ۔ سنہ ۹۱۰ ہجری میں محمد آباد (جانپانیر) میں پیدا ہوے اور سنہ ۹۹۸ ہجری میں انتقال فرمایا ۔ آخر عمر احمد آباد میں درس و تدریس اور تعلیم و تلقین میں مصروف رہے۔ اگرچہ وہ اور ان کے خاندان کے دوسرے بزرگ شاہ قادن کے مرید تھے لیکن فیض روحانی اور معرفت الہی شیخ محمد غوث سے حاصل ہوئی ۔ آپ کے مریدوں نے آپ کے ملفوظات کتاب کی صورت میں جمع کئے ہیں جس کا نام بحرالحقایق ہے ۔ اس میں جگہ جگہ ان کے ہندی اقوال درج ہیں ۔ شیخ کے مرید ان سے سوال کرتے ہیں اور وہ اس کا جواب دیتے ہیں ۔ سوال تو فارسی میں لکھے ہیں لیکن جواب خود شیخ ہی کے الفاظ میں ہندی میں تحریر کئے ہیں ۔ یہاں چند مقام نقل کئے جاتے ہیں ۔

لفظ، فرمودند که "جس چیز میں ذوق و شوق پاوے اوسے ترک نہ دیوے" یعنی در آں چیز یکہ صوفی ذوق و شوق یابد آں چیز را ترک ندهد۔ شخص گفت اگر آں چیز متفق الحرمت باشد چہ کند از و اعراض نمودہ فرمودند "بھونتا ہوئیے سونا کرے"

لفظ، عزیزے عرض کرد۔ بخانۂ دنیا داراں نروم۔ فرمودند۔

"کا ھے دنیا دار بھی اپنیچ" یعنی اهل دنیا نیز از ماانده

لفظ، می فرمودند۔ طالب کشف نباید شد۔

"اپنوں کوں کیا کشف ہوے یا نہوے کام اس کا ہے"

در حکایت کردن فرمودند "کیا ہوا جو بھوکوں موا۔ بھوکوں موے تیں کیا خدا کوں انپڑیا۔ خدا کوں انپڑنے کی استعداد ہو رہے"۔

لفظ، کسے از ریاضت عرض کرد، فرمودند "میں کہاں یا کدھاں ریاضت کیتی" —

لفظ۔ فرمودند "جیسی تجلی پکڑے تیسا ارادہ دیوے اگر عبد کی تجلی پکڑے عبدیت ارادہ دیوے" —

شیخ بہأالدین برناوی خاتم التارکین—

شیخ بہأالدین برناوی خاتم التارکین اکبر و جہانگیر کے عہد کے بزرگ ہیں۔ ہندوستان کے مختلف مقامات کی سیر و سیاحت کی۔

موسیقی کے دلدادہ تھے اور خود اس فن میں بڑا کمال رکھتے تھے - بلکہ بعض چیزوں کے موجد ہوے ہیں - پروفیسر شیرانی نے اُن کے حالات اور ان کا کلام کتاب چشتیہ تصنیف مخدوم علاءالدین ثانی سے نقل کیا ہے - وہیں سے ان کے کلام کا یہ نمونہ درج کیا جاتا ہے -

ان نیٹن کا یہی بسیکہ
ہوں تجہ دیکھوں توں منجہ دیکہ

خواجہ خضر کے حق میں کہا ہے —

دائم حیات کائم کرامات ملاکات نعمت پاؤ نہم
ندی‌تیر درم بہاری بھیر پھرت سرھت ھوتیاں تیاری‌ر: پرم
رحم کیجیے کرپا تہیں دیجیے کا کہوں زاوری —
تم کہواجہ* کہدروت ÷ سہتر الیاس رہ دور پاس یاجگت‌اکم‡

سید شاہ ہاشم حسنی العلوی سید شاہ ہاشم حسنی العلوی بن قاضی برھان الدین بن قاضی نصراللہ بن قاضی عماد الدین بہت بڑے بزرگ ہوے ہیں - قاضی برھان الدین اور شاہ وجیہ الدین دونوں قاضی

---

* خواجہ -
÷ خضر -
‡ جو نہ مل سکے -

نصراللہ کے بیٹے تھے۔ شاہ وجیہ الدین سب سے بڑے تھے اور قاضی برہان الدین سب سے چھوٹے۔ آپ نے سنہ ۱۰۵۹ ھجری میں انتقال فرمایا' آپ کے ایک مرید حاضر باش شاہ مراد ابن سید جلال نے آپ کے تمام اقوال و حالات جو شاہ صاحب کی زبانی وقتاً فوقتاً سنے ایک کتاب کی صورت میں جمع کردئے ہیں۔ جس کا نام انہوں نے "مقصود المراد" رکھا ہے۔ اس میں جا بجا کثرت سے شاہ صاحب کے ہندی اقوال و ابیات اور نظمیں بھی موجود ہیں جو انہوں نے خود شاہ صاحب کی زبانی سنکر قلمبند کی ہیں' ان میں سے چند یہاں نقل کی جاتی ہیں —

نکتہ:—

ہاشم جی چھولاں * لہر پیویں وحدت کے بحر
ہو ویں متوالے سحر ڈنی † جوں قاتل زہر

سید شاہ ہاشم اپنے چچا زاد بھائی میاں عبداللہ ابن شاہ وجیہ الدین کی خدمت میں بغرض بیعت و ارادت حاضر ہوے' میاں صاحب نے فرمایا بیٹھو

---

* سوجیں —
† دنیا —

آپ نے کہا میں تو خدمت کے لئے حاضر ہوں۔ انھوں نے کہا تم میرے بھائی ہو میں تم سے کیسے خدمت لے سکتا ہوں، آپ نے کہا میں تو اسی نیت سے حاضر ہوا ہوں اور برابر دست بستہ حاضر رہے۔ چند روز کے بعد شب کو انھوں نے دیکھا کہ حضرت میاں شاہ عبداللہ فرما رہے ہیں کہ مجھ میں جو کچھ ہے وہ میں نے تجھے بخشا اور یہ پانچ شغل جس طرح کہ میں کہتا ہوں تم کرو۔ اس واقعہ اور ان اشغال کو شاہ ہاشم نے اس طرح نظم میں ادا کیا ہے —

ہنس ہنس سپنے کہیا نا نہاں
دیوں تجی سب جے منج ما نہاں
میں بی نم نم* سر کو لیتا
کیوں نلیو جو دیوے سیتا
پانچ شغل مکھہ آکہیں سائیں
جیوں رے کہوں ہوں چلن توانہیں
شغل تکفینا کہیا پیو
نڈیا برا یک جانے جیو

---

* جھکانا —

جیھا لو ڑے آپس توں
تیھا لو ڑے ساروں کوں
تن مدہ اپنی صورت دیکھہ
آپس تھیں کوی جوا نایکھہ
شغل الہی کی حد جان
بی بی بولو جیو نہ آن
پالو بی تن مت ابھرا ے
ھاشم جی پیو یوں سمجھاے
تھی دو شلبہ کیری رات
شاہ عبداللہ آکھی بات

نکتہ :-

اے دنیا کے لوک کیڑے مکوڑے
گیو شہد پر دوڑاتے گھوڑے
تو بتیے بہت نکلتے تھوڑے

نکتہ :-

نا منج زن نا منج فرزند
نا منج بھائی نا منج بند
ھاشمی پیو سوں سند*

---

* ملنا -

نکتہ :—

پہلوانوں پہلی شرط یہ
نلائیں پہلو بھوئیں وہ
ہاشمی جیتے مد ماتے بھاری
علوی لوتیں دن راتیں ساری

نکتہ :—

انما الاعمال بالنیات
نہیں عمل مگر نیت سوں بات
جو ایسی نیت دیوے ہات
نولا سیاں † کھیلوں شہ کے سات

چکری :—

کہیو ہو چک میرے پیو
بہوت دنن کا اُلجا جیو
بادر کوپ گہتا کر آوے
تل دھارن ‡ کوہجی کوڑی کیجاوے
مور چکارے ہے بن ماتی
پسو پکی سب تیرے راتی

---

† رانگ رلیاں —
‡ ذرا —

کٹی کٹی بِھا نتو بِھاؤ دکھا تے
کھیو ھو چک سرے پیو
بھوت دنن کا اُلجا جیو
بھر بھوئی رنگ رت * سیری
وے رت آوے سو دھن کیری
بھور پیا گور آؤ سویرے
کھیو ھو چک سیرے پیو
بھوت دنن کا اُلجا جیو
نین ھمارے نس دن روویے
میت بنا کہو کیوں جنم کھوویے
ھاشم جی سک ھووے تب سکوہ میتا جووے
کھیو ھو چک سرے پیو
بھوت دنن کا الجا جیو

جکری :—

جاے کہو یک تل آے پیا سکتا جیو دھسکتا ھیا
لا الٰہ نفی الاالله اثبات محمد برحق بلاسیم احمد ذات
جاے کہو ایک ....
نفی کل ھوا مانوں تو کل اثبات ھووے جو

---

* سرخ رنگ

ہاشمی رخسار پھڑکتے   علوی تھرکتا ہے جیو
اب آنے کی ہے بدھائی پیو   جائے کہو ....

نکتہ :-

یہی حجت ہے بس ہموں کوں
جس تھیں اپیا سب مدہ توں توں
پھر باطن تھیں ظاہر آیا
پن ہاں نکتہ واحد لیایا
ہوا یکا یک آپ دکھایا
اتھیں راز پیا کا بوجھا
تن من مدہ جب سائیں سوجھا
ہے توں ہوں ہوں روں روں سانہاں
ایک الف ہو آیا تانہاں
کرنا بھاؤ سوتیا نہیں تھانہاں
دوں تھیں نور ظہور ہو آیا   پانچ حرفوں نکلا لیایا
کر کر لٹکے آپ دکھایا

اب تک میں نے جو کچھ لکھا ہے اس کا مقصد صرف اتنا ہے کہ ہندوستان کے مسلمان صوفی اور اہل اللہ جو ہدایت اور تلقین پر مامور تھے اور جن کا اثر اس ملک پر بہت بڑا تھا وہ سب ہندی جانتے تھے۔ چنانچہ اس بیان کی تصدیق

میں ان کے اقوال و ابیات اور نظمیں جو اُن کے ملفوظات یا بعض تاریخوں میں ضمناً یا محض اتفاقی طور پر آگئی ہیں پیش کی گئی ہیں - ان اقوال و ابیات میں سے بعض خالص ہندی میں ہیں اور بعض ایسی ہندی میں جو عربی فارسی الفاظ یا ترکیبوں سے مخلوط ہے - اب میں اُن بزرگوں اور صوفیا کا ذکر کرتا ہوں جو ہندی یا مخلوط ہندی یا ریختے میں صاحب تصانیف ہوے ہیں - جن حضرات کا ذکر اس سے قبل ہوا ہے ممکن ہے کہ ان میں بھی بعض نے ہندی یا مخلوط ہندی میں رسالے یا کتابیں یا مسلسل نظمیں لکھی ہوں ' لیکن ان کی تصانیف (اگر درحقیقت کچھ تھیں) اس وقت تک دستیاب نہیں ہوئیں - اب اس کے بعد میں اُن صوفیا اور اہل اللہ کا ذکر کروں گا جن کا کلام دستیاب ہوچکا ہے اور میرے پاس موجود ہے -

افسوس ہے کہ اب تک حضرت امیر خسرو کے ہندی کلام کا سراغ نہیں لگا اور جب تک نہیں ملے گا اس کا افسوس رہے گا - اس میں ذرا شک نہیں کہ وہ ہندی زبان کے ماہر تھے - اور ہندی میں ان کا کلام موجود تھا جس کا اعتراف خود انھوں

نے اپنے دیوان کے دیباچے میں کیا ھے - اگر کبھی ان کا ھندی کلام ملا تو اس وقت اس کی پوری کیفیت اور حیقیقت معلوم ھوگی - فی الحال جو متفرق کلام تذکروں میں ' بیاضوں میں یا جو لوگوں کے زبانوں پر ھے اس کے چند نمونے نقل کر دیے گئے ھیں - خسرو کے فارسی کلام میں بھی ھندی الفاظ جا بجا استعمال ھوے ھیں جنھیں وہ بڑے سلیقہ سے استعمال کرتے ھیں - جس طرح وہ ھندی زبان کے ماھر تھے اسی طرح وہ ھندی موسیقی میں بھی درجۂ کمال رکھتے تھے - ان دونوں کا ساتھ لازم و ملزوم ھے ' جس طرح انھوں نے ھندی موسیقی میں فارسی نغمہ کا پیوند لگایا ھے بعینہ اسی طرح انھوں نے ھندی اور فارسی کو ملایا ھے اور حضرت امیر کے حق میں یہ کہنا بالکل بجا ھے کہ وہ پہلے شخص ھیں جنھوں نے سر زمین ھند میں اس زبان کا بیج بویا جو بعد میں ریختہ ' اردو ' یا ھندوستانی کے نام سے موسوم ھوئی —

اُن کی جو چیزیں ھمیں زبانی پہنچی ھیں ان کے متعلق بدگمانی کرنا درست نہیں - ھماری بہت سی ایسی عزیز چیزیں ھیں جو سینہ بسینہ ھم تک

پہلتی ھیں یہ سچ ھے کہ ان میں تصرف کیا گیا ھے
لیکن اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ وہ ان کی نہیں۔ بعض
ایسی بھی ھیں جو اُن سے منسوب کردی گئی ھیں
لیکن منسوب کرنے والوں کی نظر میں ضرور ایسی
اصلی چیزیں تھیں جن کی نقل اتارنے کی انھوں نے
کوشش کی ھے اور جہاں جعل بنانے میں ذرا سی
بھی کسر رہ گئی ھے تو اُن کی چوری پکڑی
گئی ھے اور وہ چیزیں اپنی وضع و ترکیب اور زبان
کی وجہ سے خود بخود ساقط الاعتبار ھوگئی ھیں۔
یہ تو زبانی چیزوں کا حال ھے۔ تحریری کلام بھی
تصرف سے محفوظ نہیں رہ سکا۔ کیا سعدی کی گلستاں
بالکل وھی ھے جو سعدی نے لکھی تھی یا فردوسی
کا شاھنامہ بعینہ وھی ھے جس کے لئے اُس نے تیس
سال خون جگر کیا یا تھا —

شمس العشاق شاہ میراں جی | اگر حضرت گیسو دراز کے رسالۂ معراج العاشقین سے قطع نظر کی جاے اور اُسے
منسوب خیال کیا جاے تو پہلے صوفی بزرگ جن
کا کلام مستقل طور سے ملتا ھے وہ حضرت شاہ
میراں جی شمس العشاق بیجاپوری ھیں جن کا سنہ
وصال لفظ "شمس العشاق" سے سنہ ۹۰۲ ھجری نکلتا

ہے - آپ مکہ میں پیدا ہوے اور کچھ دنوں بعد
ہندوستان آئے اور حضرت شاہ کمال الدین مجرد
بیابانی سے بیعت ہوئے - شاہ کمال الدین کو شاہ
جمال الدین مغربی سے بیعت تھی اور وہ حضرت سید
محمد حسینی گیسو دراز کے مرید تھے - حضرت گیسو
دراز کا فیض دکن میں بہت وسیع اور عام ہے
اور اُن کے روحانی فیوض کچھ بھی ہوں لیکن اُن
کا یہ فیض کچھ کم نہیں کہ اُن کے سلسلہ میں
اس زبان کو روز افزوں فروغ ہوا جو وہ اپنے ساتھ
دہلی سے لائے تھے - کیا یہ کچھ کم کرامات ہے کہ
ایک شخص جو مکہ میں پیدا ہوتا ہے ہند میں
آکر یہیں کی زبان میں تعلیم و تلقین کرتا ہے -
یہی نہیں بلکہ اُسی میں لکھتا پڑھتا اور اُسی
میں نغمہ سرا ہوتا ہے - چنانچہ وہ خود اپنے حال
میں تحریر فرماتے ہیں کہ وہ مکہ سے مدینہ
شریف کی زیارت کو گئے اور تقریباً بارہ سال
روضۂ مبارک کے قریب رہے - ایک روز شب جمعہ کو
آنحضرت صلی اللہ علیہ و سلم نے انہیں ہندوستان
جانے کے لئے ارشاد فرمایا تو آپ نے نہایت عجز
سے یہ عذر کیا کہ میں ہندوستان کی زبان سے

نا واقف ہوں - آنحضرت نے زبان مبارک سے فرمایا "ہمہ زبان بشما معلوم خواهد شد" اور یہی ہوا - ان کا تقریباً سارا کلام (جو اس وقت تک مجھے دستیاب ہوا ہے) اسی ہندی زبان میں ہے - اس سے سمجھہ لینا چاہئیے کہ اس وقت ہندوستان کی عام زبان یہی تھی اور دو آبے، پورب، پنجاب، گجرات، دکن وغیرہ میں اسی کا تسلط تھا - شاہ میراں جی بڑے با برکت بزرگ تھے انھوں نے بیجا پور میں ایک ایسے خاندان کی بنیاد ڈالی جس میں اُن کے جانشین یکے بعد دیگرے کئی پشت تک بڑے صاحب علم اور صاحب ذوق ہوے اور انھوں نے اسی کو اپنی زبان سمجھا اور اسی زبان میں سلوک و معرفت پر متعدد رسالے اور نظمیں لکھیں - اس خاندان کے مریدوں اور معتقدوں نے بھی اپنے مرشدوں کی پیروی میں اسی زبان کو اپنی تصنیف و تالیف کا ذریعہ بنایا - یہ اسی مبارک خاندان کا اثر تھا کہ بیجا پور میں زبان کو اس قدر فروغ ہوا اور وہاں ایسے ایسے خوش بیان اور بلند خیال شاعر پیدا ہوے جن کی نظیر اردو کے شاعروں میں بہت کم ملتی ہے —

اس خاندان کے کسی مرید و معتقد نے اس خاندان کے بزرگوں کے تمام کلام کو خاص اهتمام اور احتیاط سے ایک جگہ کردیا ہے۔ وہ قلمی بیاض جو بہت ضخیم ہے مجھے ایک بزرگ نے عنایت فرمائی۔ اس میں شاہ میران جی کے کئی رسالے ہیں۔ اس قلمی مجموعہ کا سنہ کتابت ۱۰۹۸ هجری ہے۔

ایک رسالے کا نام شہادت الحقیقت یا شہادت التحقیق ہے۔ یہ خاصی بڑی نظم ہے۔ اندرونی شہادت سے بھی یہ ثابت ہوتا ہے کہ یہ شاہ صاحب ہی کی تصنیف ہے۔ وہ اس میں اپنے پیر شاہ کمال بیابانی کا اس طرح ذکر کرتے ہیں کہ اُن کی تصنیف ہونے میں کچھ شبہ باقی نہیں رہتا — فرماتے ہیں —

اس کمالیت کا سنگ اس خاندان کا رنگ
اُن کمائے اپنا حال تو ہوے پیر کمال
کچھ تھے نصیب میرے یک دیکھے تو اُن کیرے

یہ نظم اُن کی دوسری نظموں کے مقابلے میں زیادہ سلیس ہے، بحر صحت اور ہندی ہے چھند میں کہتے ہیں —

بسم اللہ الرحمن الرحیم تو سبحان

یه سب عالم تیرا رزاق سبھوں کیرا
تجھ بن اور نکوئے نا خالق دوجا ہوئے
جے تیرا ہوے کرم تو تو تے سبھی بھرم
اس کارن تجھ کو دھاوں اور تیرا نام لیوں
تجھ قرتا کون جانے اور پوری صفت بکھانے
ہے تیرا انت نہ پار کس سو کہوں کروں اچار *
جو تیرا امر جانے اس نہی کو نہ مانے

اس کے بعد نعت کے چند شعر ہیں پھر منقبت اور منقبت کے بعد اپنے پیر کا ذکر ہے اور اس کے بعد تصوف کی معمولی باتیں ہیں - لیکن اس سے قبل کہ وہ تصوف اور معرفت کے مسائل بیان کریں' ہندی زبان میں لکھنے کی وجہ اور معذرت اس طرح بیاں کرتے ہیں کہ بہت سے ایسے لوگ ہیں جو عربی جانتے ہیں نہ فارسی' ان کے لئے ہندی میں یہ باتیں لکھی گئی ہیں - ظاہر پر نہ جانا چاہئے باطن کو دیکھنا چاہئے - زبان کوئی بھی ہو معنوں پر خیال کرنا چاہئے - جیسے مٹی چھان کر سونا نکالتے ہیں اسی طرح بات کے مغز

---

* بیان -

کو لو اور لفظوں پر خیال نہ کرو - وہ اسے گور بھاکا کہتے ہیں یعنے وہ زبان جو گھورے پر کی ہے - اس سے ظاہر ہے کہ اس وقت اہل علم کی نظروں میں اسکی کیا قدر و منزلت تھی - لیکن ساتھہ ہی کیا اچھی تشبیہ دی ہے - وہ کہتے ہیں کہ یہ سمجھ لو کہ گھورے پر بارش ہوی اور وہاں کسی کو چھکتا ہوا ہیرا مل گیا - یہ زبان گویا گھورے کا ہیرا ہے ' کوئی معقول آدمی ایسے ہیرے کو گندہ سمجھکر پھینک نہیں دے گا۔

ہیں عربی بول گھیرے — اور فارسی بہتیرے
یہ ہندی بولوں سب — اس ارتوں کے سبب
یہ بھاکا بیلسو بولی — پن اسکا بھاوت کھولی
یوں گر مکھ پنڈ پایا — تو ایسے بول چلایا
جے کوئی اچھیں خاصے — اس بیان کرے پیاسے
وے عربی بول نہ جانے — نا فارسی پہچانے
یہ ان کو بچن ہیت — سانت بوجھیں ریت
یوں دیکھت ہندی بول — پن معنی ہے نپتوں
کڑوے پن سورس — پھل پاکے جوں پھنس
نا دیکھت بورا لیکھو — لے مغز چاکھ دیکھو
جے مغز میٹھا لاگے — تو کیوں ن اس تے بھاگے
تیوں اس میں ارت نیچ — سب قرآن کرے بیچ

وہ مغز معنے لیو سب چھال چھوڑ دیو
یا وہ دیکھے چھارا * اس ماتی کا پسارا
نا ماتی اس کو ھان وہ راکھے سہیت آن
یہ چھان سنّا لیوے اور بعضے نا کہ دیوے
یوں بہا کا ماتی جانو زر معنی دل میں آنو
تو جس کو بہاوے جوڑ نا جاسی یہ گن چھوڑ
ھے کڑواں کیرا ھیرا گھوڑ اوپر پڑیا نیرا
کوئی سجاں بہاگوں پاوے تو کیوں نا لیہ اچاوے
گھڑ بہا کا چھوڑ دیجے چن معنی مانک † لیجئے

اس کے بعد کتاب کا نام اور اس کی خوبیاں بتائی ہیں - چنانچہ فرماتے ہیں —

اس نام ھے تحقیق سن شہادۃ التحقیق
اس کا مغز دریا جے دیکھ نت رھے بھریا
سب ھیروں کیری کھان نا موتیوں کیری وان
جے غواص بوڈہ سیوے تو سالم سودھا لیوے
جے ھوے کا مچھارا کیا جانے کا بچارا

اس کے بعد تصوف کے مسائل بیان کئے ہیں اور یہ سب سوال و جواب کے طرز میں ہیں - سوال طالب

---

* کہار † موتی

کی طرف سے اور جواب مرشد کی جانب سے۔

ان کا ایک اور رسالہ ہے جس کا نام "خوش نامہ" ہے۔ یہ بھی منظوم ہے اور اس میں کچھ اوپر ایک سو ستر دوھے یا شعر ہیں۔ چنانچہ خود ہی کتاب کا نام اور اشعار کی تعداد بتاتے ہیں۔

اس خوش نامہ دھریا نام دوھا ایک سو ستر

ہندی شعرا بعض اوقات تصوف اور معرفت کی باتیں عورت سے خطاب کر کے یا عورت کے حالات میں بیان کرتے ہیں۔ مثلاً یہ دنیا اس کی سسرال ہے اور عالم آخرت اس کا میکا ہے۔ اس طرح بطور استعارہ عورتوں کے تمام مناسبات مثلاً زیور پہننا، مہندی لگانا، چرخا کاتنا وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ اس نظم کے پڑھنے سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ خوش یا خوشنودی یا تو ایک فرضی لڑکی ہے یا حضرت کی کوئی عزیز ہے جس کے لئے یہ نظم لکھی ہے۔ اول اس کا نسب نامہ بیان کیا ہے، پھر اس کے سبھاؤ کا ذکر کیا ہے کہ وہ بھولی بھالی ہے، ستونتی ہے، سب کی پیاری ہے۔ دوسری لڑکیوں کی کی طرح بناؤ سنگار نہیں کرتی ہے بلکہ اس کے دل میں خدا کی لگن لگی ہوئی ہے اور اسی رنگ میں رنگی ہوئی ہے۔

کبھی نہ رنگی سیدھی رنگوں پھولوں باس نہ آیا
رنگ نہ رنگیا دنتوں اس کے بھینی نہ ھادوں کایا
کہی منجہ سیر سہاگ اللہ کا چھوڑ رھیا سہا وا
اب کیوں سر سہاوے دو جاتم کو ناھیں تھاوا
اُس کے رنگوں رنگی ساری دوجا رنگ نہ بانی
اُس کی باسا ھم کو باسا پھول پھو کت کی آنی
ایسی باتھں کرے گنو نتی مورکہ بو جھیں سدہ
یھی من میں آوے اپنے چھند سوھی سکھاویں بودہ

جب لوگ اُسے بے پروائی اور بے نیازی کا طعنہ دیتے ھیں تو وہ جواب دیتی ھے کہ ھمیں یہی رنگ بھاتا ھے اور ھمیں دنیا اور اُس کے عیش و آرام سے کچھ کام نہیں۔

کہے یہ سب حکم خدا کا جے تم آ کہیں یوں
ھم کو بھاوے یک اللہ سو کرے وہ بھارے تیوں
نا ھم ا چھیں سو کوھ سنسارا نا ھم اچھیں چاؤ
ھم تو راون اوڑاں اس سے جے ھے رارن راؤ
جے نرگن گنوں کا سبن گن کوں سو بوجھے اب
پن پاپ ست دیجے آب شہ سوں میلا ھوئیے تب

اس کے بعد پیر کی تعریف اور اچھے برے پیر کا امتیاز بیان کیا ھے —

پیر وهی جو پیرم لگاوے نور نشانی عین
ملزہ کی سدہ لکھاوے جہاں دیس نہ رین

جس مارگ تهیں جیو سنچرے* سوهی مارگ سار
مارگ چهوڑ چلے کو مارگ تن کاهین بچار
کریں جبهین وہ تیرت پتن یوگ ابها سیں دهیان
پا نچو چیز ریاسوں راکهیں کیوں کر دیجے مان
چندر سور کی ارتهہ دکهاویں کریں اچنبهہ جب
ذاکر هومن دم چلاریں یہ بهی دهیان الب†
لونچت موندھ پهریں پهوکٹ تیرت کریں پاجم
تهان دیکهہ جسے دیویں مان وہبهی مورکهہ نلیم

....

جن کو شہوت کیراهاوا ان کوں دیسے پیر
جن کے پیر شیاطین وے تو نہ آویں کے حق دهیر
ستور کے گل باندهیا مسلک وہ دیا اس کو جانے
اُس کے تاٹیں سر جیا وہ سوهی پوچهان سانے
یا گدهڑے‡ پر قرال لاد یا یک نہ بوجهے بوجهے
لایق اپنے کرے بیان لیہ سو کر اپنہ کهوج
غرض اسطرح پیروں کے صفات اور ان کے کرتوتوں کا
ذکر برابر چلا جاتا ہے۔ اور وہ مہران جی سے عرصہ کرتی

---

* چلے † تیورا ‡ گدها۔

ہے کہ میرے حال پر توجہ کیجئے مجھے دنیا اور اس کی لذتوں سے کچھ غرض نہیں ' میں تو تمھارے پریم کی پیاسی ہوں اور تم ہی سے میری آس ہے - وہ خدا کی حمد کرتی ہے اور اُس سے مناجات کرتی ہے ۔

منج نالورے الوان نعمت پہوپ بریمل * پان
روکھی سوکھی اوپر خوشی کاہ بڑائی مان
نا منج اورے پاٹ پتنبر نہ زر زری سنگار
پیاتی توتی کنبلی نیکی کالھہ جپن ہار
نا منج اورے پلنگ نہالی صوفے ماڑی باغ
حسرت راکھہ جیونا مرنا یہ تو کسمل † داغ
جے نہ سہایا ڈھول ملاوے کبہو نہ پرگٹ شوق
جے نہ عشقوں آنجھو تھالے کبہو نہ پایا ذوق

——)*(——

توں قادر کر سب جگ سب کوں روزی دیوے
توں سبھوں کا دانا بینا سب جگ تجکوں سیوے
سب کی چنتا تجکوں لاگی جیسے جیو جیون
سبکی جان سبہاں تونہیں دے جے جسکے من
ایکس ماتی سولی دیوے ایکس ماتی باج
کیتوں بھیک منگاوے کیتوں دیوے راج

* خوشبو † ناپاک ' ذلیل ۔

ناتا جے بالک تھے روسی جانا انہیں کہ ھر
آپ جس مارگ لاسی میراں میں جاؤں تدھر

——)*(——

تو رحمان رحیمان میرا، مہر محبت بوریا
میں تو باندی بردا تیری تیں مجھ ھاتوں دھریا
نا میں کیتی بندگی تیری نا دھر کیتی یاد
دائم کیتی آگل تیرے سالکوں تھے فریاد
نیں بھی میرا لاڑ چلایا کبھوں نہ ھوا اُداس
آپ سندیسا توڑ گسائیں تیری ملجھ کو آس

یہ دعا قبول ہوتی ھے اور ھاتف خوشخبری دیتا ھے، فرشتے ادب سے حاضر ھوتے ھیں اور آسمان سے نور کے طبق آتے ھیں اور پھولوں کی خوشبو سے آسمان زمین مہک اٹھتے ھیں۔ خوشنودی کا یہ آخری وقت ھے اور وہ اس دنیا سے چل بستی ھے، یہ نظم بڑی پر کیف اور دلگداز ہے اور جس ڈھنگ سے شاہ صاحب نے ان خیالات کو ادا کیا ھے وہ بہت پر اثر ھے۔

شاہ صاحب کا ایک تیسرا منظوم رسالہ بھی اسی قسم کا ھے۔ خوش یا خوشی سوال کرتی ھے اور میراں جی جواب دیتے ھیں اور یہی وجہ ھے کہ

اس کا نام بھی خوش نغز ہے۔ اگرچہ اس میں گنتی کے کل بہتر تہتر شعر ہیں، لیکن اسے دو ابواب میں تقسیم کیا ہے جن میں عرفان و روح، مراقبہ، عقل و عشق، کرامات، موحد و ملحد جیسے مضامین پر بحث کی ہے۔

نظم کی ابتدا میں یہ دو شعر بطور تمہید کے لکھے ہیں —

جے ہماری ارادت کی اُن کا یہ احکام
نماز، تسبیح، نیتاں، ذکر اللہ یک نام
اس پر جیتا رہے صدق سوں اوتا اچھے لاب
دین، دنیا، دیدار، بہشتاں پاوے بے حساب

اس کے بعد اصل نظم شروع ہوتی ہے۔ نمونے کے لئے دو شعر پیش کئے جاتے ہیں۔

خوش پوچھے کی کہو میرانجی عالم اچھے نیتی
پیر کہیں سن جیتی تن اچھیں عالم تیتی
خوش کہے سچ کہو میرانجی عشق بڑا یا بودہ
پیر کہیں میں آکھوں ہاں اس میں دھرتا سودہ

ایک چوتھا رسالہ شرح مرغوب القلوب ہے جو نثر میں ہے اور حضرت میرانجی ہی کی تصنیف بتایا جاتا ہے۔ اس میں دس باب ہیں جن میں توبہ، طریقت،

حقیقت، شریعت، وضو، دنیا، ترک دنیا، تجرید و تفرید، عشق، معشوق، فنا بقا اور سفر پر بحث کی ہے۔

ان ابواب میں یہ التزام رکھا گیا ہے کہ پہلے قرآن کی آیت ہو مگر وہ زیادہ تر احادیث نبوی لکھتے ہیں اور اس کے بعد ترجمہ اور مختصر تشریح کرتے ہیں۔ دو تین نمونے پیش کئے جاتے ہیں۔

"کل امر ذی بال لم یبدء به بسم الله فهوا بتر"

پیغمبر کہے جے کچھ کام کریگا کوئی خدا کا ناؤں نہ لے کر تو او کام پائمال ہوے گا۔

"الحمد لله رب العالمین"

سرانا نوازنا خدا کوں بہوت که او پالنہارا ہے عالم کا۔

"العاقبة للمتقین"

ہور اس عالم میں خوبیاں دیوے گا کہیا ہے، اپس کوں ڈرانے لوگاں کو ہور پرہیزگاراں کوں۔ "پیغمبر علیه الصلوة کہے خدا کی آشنائی جسے کوئی بوجتا ہے، انو کیاں توں رہ کر انو تے بوجھ، انو تے توں سن ہور چپ ذکوا چہ۔ اس چار باتاں کا پند ہے۔ یوں شریعت میں پہلے پاؤں رکھنا کہ طریقت شریعت منے ہے"۔

خدا کہیا" تحقیق مال اور پنگرے تمھارے دشمن
ہیں، چھوڑ دیو دشمناں کوں اے کیسا غفلت ہے
جو تجھے اندھلا کیا موت کی یاد تھے تجھے بسرا کر"۔

شاہ میرانجی کا خاندان بڑی عجب با برکت
تھا۔ ان کے بیٹے اور پوتے اور پڑ پوتے بھی بڑے
شاعر گزرے ہیں اور ان کے کلام کا ذخیرہ بہت
ضخیم ہے۔ یہاں میں صرف ان کے بیٹے اور پوتے
کا ذکر کروں گا۔

شاہ برھان الدین جانم — شاہ برھان الدین جانم حضرت میر انجی شمس العشاق کے فرزند اور خلیفہ
تھے اور اپنے وقت کے بڑے عارف اور صوفی تھے۔
ان کی ولادت اور وفات کی صحیح تاریخ معلوم
نہیں ہوئی لیکن اُن کی ایک نظم جو مجھے
دستیاب ہوئی ہے اس کا سنہ تصنیف انہوں نے
خود (۹۹۰) ہجری بتایا ہے، اس سے یہ ظاہر
ہے کہ ان کا انتقال اس سنہ کے بعد ہوا ہے۔
میرے پاس اُن کے کلام کا بہت بڑا مجموعہ ہے۔
ان میں سوائے ایک کے باقی دس سب منظوم رسالے
ہیں جو تصوف و سلوک پر ہیں۔ ان کا کلام
میرانجی کے لگ بھگ ہے مگر اس سے کسی

قدر صاف ہے اور اس میں شاعرانہ ذوق بھی کسی قدر زیادہ ہے ۔ میں اس موقع پر اُن کی تصانیف کا مفصل ذکر کرنا نہیں چاہتا ، البتہ اُن کے کلام کے چند نمونے پیش کرنا چاہتا ہوں جن سے اُن کے کلام اور اس وقت کی زبان کا اندازہ ہو سکے —

حمد میں :—

سکتا ، قادر قدرت سوں سمجھے تجہ کوں کوئی کیا
جس کوں اوڑے دیوے رتہ کہیا پھدی من بشا
یہ روپ ہو کت آپ چھپایا کوئی نپایا انت
سایا سوۃ میں سب جگ باندھیا کیوں کر سو جو پنت

(از وصیت الہادی)

اللہ پاک منزہ ذات اس سوں صفتاں قائم سات
علم ، ارادت ، قدرت بار سنتا دیکھتا ، بو لتہار
حی صفت یہ جاں حیات اس کوں نا ہیں کد ممات
ایسیاں صفتاں سوں ہے ذات جوں کہ چند نا چاند سنگات

(از نسیم الکلام)

کوئی کہیں سب عشق تمام عشق کے آنگویں کیا ہے فہام
عشق لیا ہے سب پھر باس عشق تے سگلا بھوگ بلاس
بعض آکہیں اپنی بوجھ معلوم نہیں کچھ اس کی سوجھ
ایک جمع سب پکڑ یا بار جونکے بیج تے نکلیا جوڑ
کانٹا چھانٹا پھل اور پھول شاخ برگ سب دیکھ اصول
ایک جمع کر راکھیں بار بیج نپے کا ناھیں بھار
ایکے بیجیں بیج اپار بیج نپے سو سگلا جھاڑ
کوئی کہے یہ دیکھ مقیم یو سب عالم اہے قدیم
نہ اس خالق مخلوق کوے جیسا تیسا سوجھیا ہوے
(از سلفعت الایمان)

——)*(——

کن آدم کا نہ ہاتھ چڑھے رہے کیوں کیلا انسان
صورت پر اعتبار نراکھیں جیسے ہیں حیوان
بلکہ ان تے گمراہ کریوں قران میں فرمان
لو کاں یہ مت کچھ الادی * جن بوجھ بنتوں لادھی
پنتھ اکاس کا وہنگم † جانے جل کا مارگ مین ‡
سادھو کا الت سادھو جانے دوجے کوں نہیں چین §

---

* علیحدہ — ‡ مچھلی —
† پرندہ — § پہچان —

ایسا سادھو بھا گوں نہیں تو چرنا رھنا لین
لو کاں یہ مت کچ الا دی جن بو جہ بھتوں لادھی
(از سکھ سہیلا)

علاوہ ان مثنویوں کے شاہ صاحب نے بہت سے خیال اور دوہے بھی لکھے ہیں جن کی ایک اچھی خاصی تعداد میرے پاس موجود ہے۔ ایک ایک مثال اُن کی یہاں لکھی جاتی ہے —

—: خیال :—

اب سندیسا مجھ ہے شہ کا
جب کب بھاگوں اندر ملے
پیر پیرم کے ھیڑے میرے
نینوں سانھہ جوں کنکر ملے
نس دن جاگے برہ ساری
نہ نیندا دیکھے نین پڑے
پلکیں میری آگ بلے کیوں
سپنے دیکھوں سو کھڑے
قول پیا تجہ آس لگی من
آس لگی تجہ پاس رھیں
جب کا جھانسا تیں مجہ لایا
یک تل نہ مجھے ساس رھیں
نہ کا پینا مجہ کوں لاگا
لوگ دیوانی دیکھ ھنسیں
جگ کی ھانسیں کیا مجھ ھوے
کہو سریجن کہاں بسیں

دوھرا :—

جب لگ تن نہیں چھوڑ یا جیو کوں تب لگ ھونا دور
جب لگ نظر نہیں چھوڑی آنکھ کوں تب لگ ھونا نور

جب لگ سپلا نہوں چھوڑ یا کاں کوں یو سب اعضا حال
جب لگ فہم نہیں چھوڑ یا دل کوں یو جوت ھو فرال
یوں سب تن میں بر تن دیکھ چھوڑیں اے سکھ دکھ
دکھ سکھ دو نوں یک کرسی تو پاوے سہج کا سکھ

آپیں جوگی سب جگ چیلا آپیں الیک نات رہے یکیلا
اپنی اچھیا کر سب چیلے اپا یا نیکی بدی کے دو سدرے بھایا
کلمہ نبی کا پلتہ مارگ لایا تن کا کنٹھا کر سب چیلاں پنھایا
بندگی بھبوت کرنت اڑہ لایا
یقین جوگ تدندا تکیہ خاصا لجیا کچھوتی دے بندے پاسا
اس تن کے ستہ میں راول کا باسا دھر تری پتر بھر بھو جن کیتا
بادل پھوڑ واکر پانی دیتا

شاہ برھان کا کلام اگرچہ سادہ ھے لیکن بعض مقامات پر شاعرانہ لطافت بھی پائی جاتی ھے۔ مثلاً

بن عشق بدہ کو سوجھ نہیں
اور بن بدہ عشق کی گوجھ نہیں
جے آپ کو کھو جیں پیو کو پائیں
پیو کو کھو جیں آپ گنوائیں

ان کا ایک رسالہ کلمۃ الحقایق نام کا

نثر میں ہے ۔ یہ رسالہ اچھا بڑا ہے اور اس میں تصوف کے مسائل سوال و جواب کے طرز پر بیان کئے ہیں ۔ شروع یوں کرتے ہیں —

"اللہ کرے سو ہوے نہ قادر توانا سوے کہ قدیم القدیم اس قدیم کا بھی کرنہار سہج سوبج سو تیرا تھا ر و سوبج ہوا بھی توبج تھے بار ۔ جدھاں کچھ نہیں بھی تھا تہیں، دو چار شریک کوئی نہیں ۔ ایسا حال سمجھنا خدا تھے خدا کوں جس پر کرم خدا کا ہوے" ۔

اس کے بعد سوال و جواب شروع ہوتے ہیں ۔ مثال کے طور پر ایک سوال جواب نقل کیا جاتا ہے —

سوال :— "یہ تن الادھا * دستا، و لیکن جیتا بکار † توتنے نہیں بلکہ ستنتر ‡ بکار روپ دستا ہے، یک تل قرار نہیں، جیوں سرکٹ § روپ" ۔

---

* علیحدہ ۔ ‡ قلب، ماہیت ۔

† ترغیب، تغیر ۔ § بندر ۔

جواب:— "اے عارف ظاھر تن کے فعل سوں
گذریا و باطن کرتب دستے۔ اس کا ناؤں
سوں ممکن الوجود۔ دوسرا تن سو یوں
کہ اس کا ایندرین کا بکار * و چیشٹا
کر نہارا سو وھی تن، نہیں یو خاک
و سو کھہ دو کھہ بھوگن ھارا۔ جیتا بکار
روپ وھی دوسرا تن، تو توں نظار کر
دیکھہ، یہ تن فہم سوں گذریا تو کن
اس کا کیوں رھے"—

شاہ برھان نے بھی اپنے پیر و مرشد اور
والد شمس العشاق میراں جی کی طرح ھندی میں
لکھنے کی معذرت کی ھے، اس سے ظاھر ھے کہ
اُن کے زمانے میں عالم اور ثقہ لوگ ھندی میں
لکھنے سے احتراز کرتے تھے۔ وہ کہتے ھیں کہ
ظاھر پر نہ جاؤ اور باطن کو دیکھو۔ لفظوں کو
نہ دیکھو اور معنی پر خیال کرو۔ ھندی لفظوں
میں کوئی عیب اور خرابی نہیں۔ اگر سمندر کے
موتی کسی ڈبرے یا جوھڑ میں ملیں تو عقلمند
آدمی انھیں کیوں نہ لے۔ فرماتے ھیں—

---

* حرکت—

عیب ذرا کهین هندی بول
معنی تو چک دیکهه دهنڈول
جو نکے موتی سمدر سات
ڈابر چے لاکین هات
کیوں نه لیوے اس بهی کوے
سہانا چتر جو کوئی هوے
هیں سهند کے موتی یو
گیان رتن کے جوتی یو

....

هندی بو اون کیا بکهان
جے گر پر ساد تها ملج کیان

شاہ امین الدین اعلیٰ | شاہ برهان کے فرزند اور جانشین امین الدین اعلیٰ هیں' وہ بهی باپ اور دادا کے قدم بقدم چلے هیں۔ ان کی وفات سنه ۱۰۸۶ هجری میں هوئی (مادہ تاریخ ختم ولی هے)۔ ان کے نظم و نثر کے کلام سے تهوڑا سا نمونه پیش کیا جاتا هے' ایک نظم محب نامه (یا محبت نامه) قصیدہ کے طرز میں کہی هے مگر رنگ عاشقانه هے' قافیه تو ایک هے' مگر ردیف کہیں کہیں بدلتی هے —

گهرین نین تهرے ساحر هوتے هرن کوں
گهرا کر بلاوے قوس و قزح بهون کوں

پیچوں بھو یاں زلف تج سو جوں تبے بھر سوں
ھر اہر پر کرشمہ عشاق کے بچن کوں
را ہ صراط پل جوں سر مانگ جو چھپی ھے
کا ھے کشاں * سہا پر معب بلاو نے کوں
سیہا عرش علامت کرسی مکت سہا وے
روشن شمع منور پر وانے جالنے کوں

ایک دوسری نظم وجود یہ ھے' اس کا نمونہ ملاحظہ ھو —

نفس کا دوڑنا ھی اس تھار
یو تو آھے نفس بھار
نفس کو لیا و تو دم کی جا کا
لائیں ذکر نہیں تو جاوے بہا کا

آپ نے دوھے بھی لکھے ھیں' ایک دوھے میں کہتے ھیں -

مرنا ھار' جیونا بسار
جیونا ھار' مرنا بسار
سو دہ سریجن کی دیکھ بچار
لال سریجن دیکھن پاوے
آپس میں دیکھ آپ گنواوے
من رآنی حضرت قول بھواوے (وغیرہ)

---

* کہکشاں —

بعض دوھوں میں عربی لفظ کثرت سے آگئے ھیں، لیکن ایسے دھرے بہت کم ھیں —

باں پر گت ذات ظہور ھے
معشوق حق الله نور، علی نور ھے
حقیقت حقایق ذات کہاں ھے
صورت معنی ذوالجلال ھے

ان کی بعض غزلیں بھی ملی ھیں، ایک غزل قدیم طرز ریختہ میں لکھی ھے، باقی دکنی اردو زبان میں ھیں۔

شاہ صاحب نے بعض رسالے نثر میں بھی لکھے ھیں، ان کی نثر کی چند سطریں یہاں نقل کی جاتی ھیں —

"الله تعالی گنج مخفی کو عیاں کرنا چاھا تو اول اُس میں سوں ایک نظر نکلی، سو اس سے امین دیکھ ھوا۔ امین شاھد کہتے ھیں یو دونوں ذات کے دو طور ھیں۔ ذات نے اپس کو دیکھا، اُسے نظر کہتے ھیں۔ دیکھکر گواھی دیا تو اُسے شاھد کہتے ھیں۔ یہ تینوں مرتبے ذات کے ھیں" —

ان کے علاوہ شاہ صاحب کی تصنیف سے

متعدد رسالے هیں۔

اس خاندان کے مریدوں نے بھی تالیف و تصنیف میں وهی روش اختیار کی جو ان کے مرشدوں کی تھی۔ از انجملہ ایک بزرگ سید میران حسینی شاہ امین الدین علی کے مرید تھے۔ یہ حیدرآباد دکن کے باشندے اور سلطان عبداللہ قطب شاہ کے معاصر هیں۔ کسی ضرورت سے بیجاپور گئے تو شاہ امین الدین اعلی سے بیعت کی اور باقی عمر راہ حق میں گزاری یہ کئی رسالوں کے مصنف هیں لیکن ان کی سب سے مشہور اور ضخیم کتاب شرح تمہید همدانی هے جو "تمہیدات عین القضات" کا ترجمہ هے۔ اصل کتاب کے مصنف عبداللہ بن محمد المیانجی ملقب بہ عین القضات همدانی هیں، جو سنہ ۵۳۳ هجری میں بحکم قوام الدین ابوالقاسم درگزینی وزیر سلطان سنجر قتل کئے گئے۔ شاہ میران حسینی کا انتقال ۱۰۷۴ هجری میں هوا هے۔ اس سے ظاهر هے کہ یہ کتاب اس سنہ سے قبل کی تالیف هے۔ میرے ایک نسخہ میں سنہ کتابت ۱۰۶۷ هجری لکھا هے۔ اس لحاظ سے یہ کتاب اردو کی قدیم نثر کی کتابوں میں خاص درجہ رکھتی هے کیونکہ علاوہ

چند مختصر رسالوں کے جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے اس سے قبل نثر میں صرف وجہی کی سب رس پائی جاتی ہے۔ اس کی عبارت کا تھوڑا سا نمونہ پیش کیا جاتا ہے۔

"اے عزیزاں! اے بات نہیں سنیاں۔ بادشاہاں گھوڑا مستعد کئے باج نہیں سوار ہوتے، ہور گھوڑے میں کچھ کھوڑ اچھے تو بھی نہیں قبول کرتے۔ یعنے پیر کے عشق میں پختا ہوے باج خدا کے عشق میں نا آسک سی ہور دیکھ نا سکسی۔ اگر عشق خالق نداری بارے عشق مخلوقے مہیا کن۔ اس کا معنا، خدا کی پچھانت کا بل نہیں تو اول اپنی پچھانت کر۔ سوا اے بات یوں ہے کہ آفتاب کا ذات نوازنہارا ہے اور اس کا اجالا جالنہارا ہے۔ یعنے دوست سو نواز نہارا ہور خوبیاں دینہارا۔ ولے اس کا محبت اُسے دگداتا ہے یعنے معشوق کا محبت عاشق کو گالتا ہے اُس کے فراق میں"۔

ان کی اولاد اور مریدوں میں کئی شخص بہت اچھے شاعر ہوے ہیں جن کا ذکر بخوف طوالت

یہاں ترک کیا جاتا ہے۔

اب میں تھوڑی دیر کے لئے آپ کو بیجاپور سے گجرات کی طرف لے جانا چاہتا ہوں - گجرات کا تعلق دھلی سے سلطان علاءالدین خلجی کے عہد سے شروع ہوتا ہے جبکہ اس نے سنہ ۶۹۶ هجری میں اپنی فوج بھیج کر اس علاقہ پر تسلط کرلیا اور اپنی طرف سے صوبیدار مقرر کردیا - یہ صوبیدار سلطنت دھلی کی طرف سے برابر مقرر ہوتے آئے یہاں تک کہ جب دھلی پر تیمور کا لشکر پہنچا اور سلطنت میں ضعف پیدا ہوا تو صوبیدار ظفر خان کے بیٹے تاتار خان نے خود اپنی حکومت گجرات میں قائم کرلی اور محمد شاہ کا لقب اختیار کر کے تخت پر بیٹھا (سنہ ۸۰۹ هجری) - شاھان گجرات کی حکومت اکبر کے عہد تک رہی - اس کے بعد گجرات کا صوبہ سلطنت دھلی میں شامل ہوگیا - غرض دھلی کا اثر اس علاقہ پر امیر خسرو کے زمانے سے تھا اور وہاں کی زبان کا اثر جو اس علاقے کی زبان پر پڑا وہ نہ صرف اس وسیع صوبے کے شہروں تک محدود رہا بلکہ سلطنت بیجاپور اور دور و نزدیک کے مقامات میں بھی پہنچ گیا اس کی شہادت ان بزرگوں اور شاعروں کے کلام میں

موجود ہے جو اب تک موجود ہے۔

یہاں میں صرف اُن دو تین صاحب تصنیف بزرگوں کا ذکر کروں گا جنہوں نے اردو کی شاخ گجری یا گجراتی میں اپنا نغمہ سنایا ہے۔

ایک ان میں سے شاہ علی محمد جیو گام دھنی ہیں۔ آپ کا مولد و منشا گجرات ہے۔ آپ گجرات کے کامل عارفوں اور درویشوں میں سے ہیں۔ اہل گجرات پر آپ کی تعلیم و ہدایت کا بہت اثر تھا۔ آپ کا انتقال سنہ ۹۷۳ ہجری میں ہوا۔

آپ کے کلام کا مجموعہ جو "جواہر اسرار اللہ" کے نام سے موسوم ہے آپ کے دادا کے ایک مرید اور آپ کے معتقد شیخ حبیب اللہ نے جمع کیا ہے۔ اسی کلام کا دوسرا نسخہ آپ کے پوتے سید ابراہیم نے مرتب کیا ہے۔ شاہ علی جیو بڑے پایہ کے شاعر ہیں۔ ان کا کلام توحید اور وحدت وجود سے بھرا ہوا ہے اور اگرچہ وحدت وجود کے مسئلے کو وہ معمولی باتوں اور تمثیلوں میں بیان کرتے ہیں مگر ان کے بیان اور الفاظ میں پریم کا رس گھلا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ وہ عاشق ہیں اور خدا معشوق ہے اور اپنی محبت کو طرح طرح سے جتاتے ہیں۔ طرز کلام ہندی

شعرا کا سا ھے اور عورت کی طرف سے خطاب ھے -
زبان سادہ ھے لیکن چونکہ پرانی ھے اور غیر مانوس
الفاظ استعمال کئے گئے ھیں اس لئے کہیں کہیں
سمجھنے میں مشکل پڑتی ھے - چند آسان نمونے پیش
کرتا ھوں -

تم ری پیا کو دیکھو جیسا ھور جیوں پر تھو سائیں ایسا
سوے تمہیں ھو ناں وہ ایسا

ایک سہند سات کہاوے
دھو نوس، بادل، میہ برساوے
وھی سہند ھو بوند وکھالے
ندیاں نالے ھو کر چالے

پیو ملا گل لاگ رھی جے
سکھ سنہ دکھ کی بات نہ کیجے
(میں)

جے ھے سو ھے نہیں نہیں
چھوٹ ایک وھی ھے سہو نہیں

کہیں سو سجنوں ھو برلاوے
کہیں سو لیلی ھوے دکھاوے

کہیں سو خسرو شاہ کہاوے
کہیں سو شیریں ہوکر آوے

ادھر* پنوالی+ چک‡ رتنالی§
بیلی باسک• ہور قل کالی
ایہہ جیو مانگیں بہویں دسالی

آپیں کھیلوں آپ کھلاؤں
آپیں آپس لے گل لاؤں

بہیس بندوں کے کرسو بندگی اوبہا ہوہو نماز گذاروں
ہوں حاجی ہوں کعبہ آہوں آپیں آپس اوپر واروں

کبہیں سو ہوے اندھیاری راتا
سانجھ بتی کر لاوے دھاتا
ہو کر دیورا راتیں ساری
لا کر جوت دکھاوے ساری

---

* ہونٹ + پان کھائے ہوئے ‡ آنکھ § سرخ • سانپ
دنیا دار [illegible] اُتھہ اُتھہ کرو

کہیں سو عاشق ہوکر راؤں کہیں عارت ہوے پچھانوں
کہیں موحد کہیں محقق کہیں سو جانوں کہیں نجانوں

جو جیو را پیو سوں لاگا ہیئے جس نیہ کی آگا
تنھوں کا لوجہ سب بھاگا

جنھوں من پرم کا بھتکا تلیں تل نیہ کا کیتکا
سو جانے مرم کا لٹکا

دوسرے بزرگ میاں خوب محمد چشتی ہیں۔ یہ بھی احمد آباد گجرات کے رہنے والے تھے اور ان کا شمار وہاں کے بڑے درویشوں اور اہل عرفان میں ہے۔ خصوصاً تصوف میں دست رسا رکھتے تھے۔ صاحب تصانیف اور صاحب سخن تھے۔ آپ کی ولادت سنہ ۹۳۲ ہجری میں اور وفات سنہ ۱۰۲۳ ہجری میں ہوی۔ "خموشی" سے تاریخ ولادت اور "خوب تھے" سے تاریخ وصال نکلتی ہے۔

تصوف میں ان کی کئی کتابیں ہیں۔ ان میں سے بعض میرے پاس ہیں۔ ایک رسالہ "بھاؤ بھید" صنایع بدایع کلام میں ہے۔ چنانچہ خود فرماتے ہیں گفتہ

صنایع بدایع را بزبان گجرات از جهت یاد داشت می گویم، امید بحضرت صانع و بدیع چنانست که مقبول گردانه - دوهره :—

حمد خدا کی خوب کر کہ صلوۃ رسول
پچھیں صنعت شعر کی کہے تو ہوے قبول

اما بعد ایں رسالہ بخطاب "بھاؤ بھید" مخاطب شدہ است در بیان تلونات کلام و انواع مفہومات نظام- دوہرہ : -

بھاؤ بھید اس ناؤ کر بات بکت سمجھا ٹن
بھاؤ بھید کے شعر کے خوب جو تجہ آپ آئن

اگرچہ تشریح ہر صنعت کی فارسی میں کی ھے لیکن اس کا مفہوم گجراتی اردو میں بھی ادا کیا ھے، مثالیں گجراتی اردو میں ھیں اور یہ تمام مثالیں منظوم اور خود اپنی تصنیف سے ھیں - دو مثالیں ملاحظہ ھوں -

صنعت متضاد، آنست کہ الفاظ چند ضد یدیگر باشند مثال —

دھیان خدا کا پکڑ جو چھوڑے اُسے کہیں جگ مانہ
بھلا برا ھو تھر یا دیکھو سبل نبیل اس تھا نہ

مقدرہ :- تین پائیں دی رج بسلاے باد بھرا کے اک کلا ل
خوب ملیں مندای رنگ نیلے پیلے کالے لال

صنعت تفریق تنہا - آنست کہ میاں دو چیز جدائی افگند مثال -

میں خوب تفریق تنہا پچھان
جدای دو ہوں سالہ اس بہانت آن
کنول مکہ جہل بن جدای ایک بات
کنول دیس پھول سے نین یہ دیس رات

ان کی سب سے مشہور اور مقبول کتاب " خوب ترنگ " ہے - جس کا سنہ تصنیف انہوں نے خود اسی تصنیف میں بتادیا ہے " چودہ گھات اوس برس ہزار " یعنی نوسو چھیاسی ۹۸۶ ھجری - خوب ترنگ خالص تصوف کی کتاب ہے - شاہ علی محمد جیو کی کتاب " جواھر اسرار اللہ " اس سے مختلف ہے - اس میں عشق و محبت کا رنگ ہے اور قلبی واردات کا ذکر ہے - خوب ترنگ اس کے مقابلے میں ایک خشک کتاب ہے جس میں صوفیانہ اصطلاحات میں تصوف کے مقامات کا بیان ہے - میاں خوب محمد عالم اور سالک ہیں تصوف کے نکات کے ماہر اور بہت اچھے ناظم ہیں - انہوں نے اپنی اس کتاب کی شرح فارسی میں " اموج

خوبی" کے نام سے لکھی ھے۔

کلام کا نمونہ ملاحظہ ھو:۔

حمد و نعت

بسم اللہ کہوں چہت ذات
جس رحمان رحیم صفات
ذات صفات اسما افعال
جمع مفصل چند اک حال
ناؤ محمد تس کو دیت
آس تفصیل سو عالم کیت
اوسی روح ارواح تمام
اسی جوس* کے سب اجسام

جوں کھلہایا سمند چھپا ے
جانے سب دریا لے جاے
نوک نقیں دریا بن پار
بھرے تو نوکچ کی مقدار

---

* چہرہ۔

جیوں ظاہر بھنتیاں کہلائیں
پن اینٹاں اس بھانت دکھائیں
ذرے مسل اک تو لا * ٹھانہ
ناؤں دھریا ہے اینٹ سو تانہ
جوہر عرض سو ذرہ جان
تلتل پھرے عرض من آن
جس کو وہم کرے نہیں دوئے
تاوا † جھلا ‡ جسے نہ ہوے

بابا شاہ حسینی معروف بہ پیر بادشاہ بھی
ایک بزرگ ہوے ہیں جو صاحب دیوان ہیں
اور حضرت شاہ علی جیو کے مرید و معتقد معلوم
ہوتے ہیں - دیوان کے خاتمے پر شاہ صاحب نے ذکر
ان الفاظ میں کیا ہے :---

شاہ علی جیو جگ پرورتم ہو میرے لال
نازک نہال ہے شاہ حسینی راکھو تم سنبھال
دنیا فانی سراب کی نالا کی اس کو جیئے

---

* سنجوگہ - † باتیں - ‡ داٹیں -

ان کا کلام صوفیانہ اور عارفانہ ہے ۔

اُس صاحب ثنا سوں دیکھو جب صدا ہوا
ہر عہد تھے جواب سو قالو بلا ہوا

غزل

رو بروہے شہر درستی بہ نقاب
دیک ناسک بولتے ہیں در حجاب
اُس اوپر رکھتے ہیں خواہش دید کی
دید کر آپس کا مانند حباب
اس عبادت بیچ نہیں ہے حق رسی
حوض مسجد کا کریں پانی خراب
حق رسی کی ہے عبادت عین دید
جوں صنم کا مبتلا مست شراب
دل ترا زآب ریا ظاہر منے
پھر استنجا رہیں در پیچ و تاب
گھر سے نکلیں رہ گزر کی دید کوں
وقت جاتا گر جماعت کا شتاب
طعنہ زن نیں ہے حسینی بر عباد
دل سیں کرتا ہے اپس کے یوں خطاب

میں نے اس مضمون میں گیارہ صدی تک کے اهل اللہ اور صوفیا کا ذکر کیا ہے - بعد کے بزرگوں کا ذکر نہیں کیا کیونکہ گیارھویں صدی اور اسکے بعد یہ زبان عام ہو گئی تھی اور اس میں بہت اچھے اچھے خوش بیان شاعر اور صاحب سخن پیدا ہو گئے تھے —

گجرات و بیجاپور کے بزرگوں کے سلسلہ میں ایک بات یہ عرض کرنی چاہتا ہوں کہ دلی سے جو زبان جنوب کی طرف گئی اسکی دو شاخیں ہو گئیں - دکن میں گئی تو دکنی لہجے اور الفاظ کے داخل ہونے سے دکنی کہلائی اور گجرات میں پہنچی تو وہاں کی مقامی خصوصیت کی وجہ سے گجری یا گجراتی کہی جانے لگی - ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ شاہ میرانجی اور شاہ برہان نے ہندی میں لکھنے کی معذرت کی اور جس زبان میں انھوں نے تصنیفیں تحریر فرمائی ہیں اسے ہندی سے موسوم فرماتے ہیں - یہاں ہندی کا لفظ فارسی کے مقابلہ میں استعمال کیا گیا ہے - عام طور پر ہر دیسی زبان ہندی کہی جاتی تھی - یہ زبان جو بعد میں ریختہ اور اب اردو کے نام سے معروف ہے ایک مدت تک

ھندی ھی کے نام سے موسوم رھی ' چنانچہ میر تقی ' میر حسن یہانتک کہ مصحفی اپنے تذکروں کو سخن آفرینان ھندی اور سخن گو یان ھندی کے تذکرے کہتے ھیں ۔

لیکن ایک عجیب بات یہ ھے کہ یہ دونوں بزرگ باپ بیٹے (شاہ میرانجی اور شاہ برھان) جو ھندی میں لکھنے کی معذرت کرتے ھیں دوسرے مقامات پر اپنی زبان کو گجری یا گجراتی کہتے ھیں ۔ چنانچہ شاہ برھان اپنی کتاب " کلمۃ الحقائق " میں فرماتے ھیں :—

" سبب ' یو زبان گجری نام این کتاب کلمۃ الحقائق "

اپنی ایک دوسری تصنیف " حجۃ البقا " میں لکھتے ھیں :—

جے ھووین گیان بچاری نہ دیکھیں بھاکا گجری
جس ارتھوں کیر افہام کیا بولوں سو ھے کام

یہی بزرگ اپنی ایک دوسری کتاب " ارشاد نامہ " میں کہتے ھیں :—

یہ سب گجری زباں کر یہ آئنہ دیا نہاں

شاہ علی محمد جیو کے کلام جواہر الاسرار کے مرتب شیخ حبیب اللہ اس کے دیباچہ میں لکھتے ہیں "بہ لسان درر بار و جوہر نثار بہ الفاظ گوجری بہ طریق نظم بزبان مبارک خود فرمودند" ۔ شیخ خوب محمد بھی اپنی کتاب کی زبان کے متعلق فرماتے ہیں :—

جیوں میری بولی منہ بات
عرب عجم مل ایک سنگات

"جیوں میری بولی منہ بات" کا مطلب یہ ہے کہ وہ بولی جو میرے روز مرہ کی بول چال ہے اس کی شرح "امواج خوبی" میں یوں کی ہے "ہریک شعرے بزبان خود تصنیف کردہ اند و میکنند، من بزبان گجرات کہ بالفاظ عربی و عجمی آمیز است گفتہ ام" یعنی ان کی زبان وہ ہے جس میں گجراتی کے ساتھ عربی فارسی الفاظ کی آمیزش ہے ۔ اس آمیزش کا نام ریختہ ہے ۔

"باؤ بھید" کی تمہید میں لکھتے ہیں "صنائع بدائع را بزبان گجرات از جہت یادداشت می گویم" ۔

ایک دوسری جگہہ لکھتے ہیں :—

جیوں دل عرب عجم کی بات
سن بولے بولی گجرات

یہاں بھی اپنی زبان کو گجراتی کہا ہے۔

شاہ برہان کا ایک جگہ اپنی زبان کو ہندی کہنا اور دوسری جگہ گجری کہنا بظاہر تضاد معلوم ہوتا ہے لیکن حقیقت میں یہ بات نہیں۔ ہندی عام ہے یعنی وہ زبان جو ہر جگہ مستعمل تھی ہندی ہی کے نام سے موسوم تھی۔ گجری اور گجراتی خاص ہے یعنی وہ زبان جو گجرات اور اُس کے قرب و جوار کے علاقے میں بولی جاتی تھی اور جس میں کچھ مقامی لفظ بھی داخل ہو گئے تھے۔ زبان ایک ہے، دکن میں دکنی کہنے لگے اور گجرات میں گجری اور گجراتی۔ فرق صرف اتنا ہے کہ اُن میں کہیں کہیں مقامی رنگ کی جھلک نظر آجاتی ہے۔

اگرچہ میرانجی شاہ اور برہان شاہ اپنی زبان کو گجری بھی کہتے ہیں لیکن ان پر گجراتی کا اتنا اثر نہیں جتنا شیخ علی محمد یا میاں خوب محمد کی زبان میں پایا جاتا ہے۔ وہ لوگ بیجاپور میں گجرات سے دور تھے اور یہ دونوں صاحب خاص احمد آباد گجرات کے رہنے والے تھے اور اسی لئے

ان کے ہاں بہت سے ٹھیٹ گجراتی لفظ استعمال ہوئے ہیں جو بیجا پوری بزرگوں کے کلام میں نہیں پائے جاتے۔ مثلاً ھوں بمعنی میں (ضمیر واحد متکلم) توسی (توشی) بمعنی بڑھیا: اونلدا، گہرا: چھولی، چھوٹی موج: ھب یا ھبیں (ھوے)، اب: جھلا، دایاں، پپوٹے (فوفوٹے) حباب وغیرہ۔ محض اس ذرا سے فرق کی بنا پر اسے گجراتی کا نام دے دیا گیا تھا۔

میں نے آپ کے سامنے آٹھویں نویں اور دسویں صدی اور ایک دو گیارھویں صدی کے زمانے کے نمونے پیش کئے ہیں۔ یہ سب صوفیہ کے کلام میں سے انتخاب کئے گئے ہیں۔ آپ نے ملاحظہ کیا ہوگا کہ قدما کے اقوال جو کسی خاص سوال کے جواب میں یا معمولی گفتگو میں آئے ہیں وہ خالص ہندی میں ہیں۔ اُن میں شاذ و نادر فارسی عربی لفظ نظر آتے ہیں۔ ابتدائی کلام بھی سادہ ہندی ہے خصوصاً جو صوفی سماع کا ذوق رکھتے تھے۔ اور شاعر بھی تھے ہندی دوھرے اور خیال وغیرہ اُسی زبان میں کہتے تھے۔ لیکن اُن میں بھی کبھی کبھی اپنے ہاں کے عارفانہ الفاظ داخل کر دیتے تھے۔ جب اُنھیں اپنے مریدوں اور معتقدوں کی ہدایت کے لئے

نظم و نثر میں رسالے لکھنے کی ضرورت پڑی یا
معرفت و سلوک میں سوالات کے جواب لکھنے پڑے تو
وہ اپنی مذہبی اصطلاحات ہندی تصوف کے الفاظ کے
ساتھ ساتھ بے تکلف استعمال کرنے لگے۔ یہاں تک کہ
حمد و نعت میں بھی عربی کے خاص الفاظ کے ساتھ
سنسکرت کے مذہبی لفظ بھی بے ساختہ لکھ گئے ہیں۔
اس رواداری سے اُن کی غرض یہ تھی کہ ان کی
ہدایت عام اور وسیع ہو۔ جس طرح انہوں نے ملک
کے حالات کے لحاظ سے بعض ظاہری قیود کو توڑ کر
اہل ملک سے ارتباط اور میل جول بڑھانے اور اُنکو
اپنی طرف مائل کرنے کی کوشش کی اسی نظر سے
اُنہوں نے اُنکی اور اپنی زبانوں کو بھی ملانا شروع
کیا۔ اُنکی نظموں کی بحریں (اکثر و بیشتر) ہندی
ہیں، طرز بھی نظموں کا ہندی ہے یہاں تک کہ کبھی
کبھی ہندی دیو مالا کی تلمیحیں اور استعارے بھی
استعمال کر جاتے ہیں اور اسی کے ساتھ وہ اپنی
چیزوں کو بھی ملاتے جاتے ہیں۔ ہوتے ہوتے اس میل اور
ارتباط سے خود بخود ایک نئی زبان بن گئی جو نہ
ہندی تھی نہ فارسی، بلکہ ایک نئی مخلوط زبان
تھی جسے ہم اب اردو یا ہندوستانی کہتے ہیں۔

یہ لوگ اپنی نظموں میں عروض و قافیہ اور نظم کے اصول و قواعد کی پروا نہیں کرتے - اکثر مصرعہ کو کھینچ تان کر سکتہ پورا کر لیتے ہیں (جیسے سر کو سیر اور فکر کو فکیر) - ساکن کو متحرک اور متحرک کو ساکن کرلینا اُن کے ہاں کوئی بات نہیں - اشباع و اماله ' ترخیم و تخفیف کا بلا تکلف استعمال کر جاتے ہیں - قافیہ میں صرف صوت کا خیال کرتے ہیں - بعض اوقات ایسا ہوتا ہے کہ آوازیں بھی ایک نہیں تو بھی بلا تامل قافیہ باندھ جاتے ہیں مثلاً خالق کا قافیہ مالک اس بنیاد پر روا ہو سکتا ہے کہ ہندی میں ق اور ک کی آواز میں چنداں فرق نہیں کیا جاتا لیکن عارف کا صادق ' فرق کا طرف ' عشاق کا کشاف ' شرف کا فرق ' انصاف کا پاس قافیہ کیونکر ہو سکتا ہے - یہ بزرگ اس کی پروا نہیں کرتے - جن عربی الفاظ کے آخر میں ح اور ع آتے ہیں اُن میں ان حروف کا تلفظ اکثر اہل ہند نہیں کرتے - اسی بنا پر بعض بزرگوں نے گرو کا قافیہ شرو (شروع) اور صحی (صحیح) کا قافیہ کوئی باندھ دیا ہے - وہ ان چیزوں کا اس لئے خیال نہیں کرتے تھے کہ اُنہیں اپنا کلام اور اپنی ہدایت عوام تک پہنچانی تھی اور یہ سب چیزیں انہیں کی زبان میں اُنہیں

کے لئے لکھتے اور کہتے تھے۔

ھندی یا اس نو مولود زبان میں لکھنا اہل علم اپنے لئے باعث عار سمجھتے تھے اور وہ اپنی عالمانہ تصنیف کو اس حقیر اور بازاری زبان کے استعمال سے آلودہ کرنا نہیں چاھتے تھے۔ یہ صوفی ھی تھے جنہوں نے سب سے پہلے جرأت کی اور اس کفر کو توڑا۔ صوفی ظاھری ننگ و عار سے بالا ھوتا ھے۔ اُس نے پھر ایک بار یہ دکھا دیا کہ حقیر سی حقیر چیز سے بھی کیسے کیسے بڑے کام نکل سکتے ھیں۔ یہ صوفیوں ھی کی جرأت کا فیض تھا کہ اُنکی دیکھا دیکھی دوسرے لوگوں نے بھی جو پہلے ھچکچاتے تھے اس کا استعمال شعر و سخن مذھب و تعلیم اور علم و حکمت کے اغراض کے لئے شروع کر دیا۔ یہی وجہ ھے کہ میں ان صوفیائے کرام کو اردو کا محسن خیال کرتا ھوں۔

یہ بزرگ اس زبان کے بڑے ادیب اور شاعر نہ تھے یا کم سے کم اُن کا مقصد اس زبان کی ترقی نہ تھی نہ اس کا انھیں کچھ خیال تھا۔ اُن کی غایت ھدایت تھی۔ لیکن اس ضمن میں خود بخود اس زبان کو فروغ ھوتا گیا اور عہد بعہد نئے نئے اضافے اور اصلاحیں ھوتی گئیں اور اُنکی مثال نے دوسروں کی ھمت بڑھائی

جس سے اس کے ادب میں نئی شان پیدا ہوگئی ۔ گو یہ اب ایک بھولی بسری داستان ہے لیکن اردو زبان کا مورخ اُن کے احسان کو کبھی نہیں بھول سکتا ۔

حضرت کبیر | میں اس مضمون کو حضرت کبیر کا ذکر کئے بغیر ختم نہیں کر سکتا ۔ یہ بنارس کے رہنے والے تھے ان کے زمانے کے متعلق بہت کچھ اختلاف ہے ۔ ابوالفضل اور دوسرے مورخوں نے انہیں سکندر لودھی کا ہمعصر بتایا ہے جو دسویں صدی ہجری کا ابتدائی زمانہ ہوتا ہے ۔ کبیر سچے صوفی اور عارف ہیں ۔ انہوں نے معرفت الٰہی ' دنیا کی بے ثباتی وغیرہ پر خوب خوب نظمیں لکھی ہیں ۔ وہ ریا اور ظاہر داری کے سخت دشمن ہیں اور شیخ و برہمن دونوں کو یکساں لتاڑ تے ہیں ۔ وہ شاعر بھی اعلیٰ درجے کے ہیں ۔ انکے کلام میں سادگی اور شیرینی ہے اور اس کے ساتھ ہی اثر ' جدت اور زور بھی ہے ۔ وہ اعلیٰ سے اعلیٰ مضامین کو اپنی روز مرہ کی سادہ زبان میں معمولی تمثیلوں اور تشبیہات و استعارات کے ذریعے اس خوبی اور صفائی سے بیان کر جاتے ہیں کہ دل پر چوٹ لگتی ہے ۔ وہ بہت دلیر اور جری بھی تھے اور کڑوی سے کڑوی

بات کو صاف صاف بے دھڑک کہہ جاتے ہیں۔ لاگ لپیٹ اُن میں نام کو نہیں۔ وہ جو کہتے ہیں ڈنکے کی چوٹ کہتے ہیں اور کسی کی مروت نہیں کرتے اور ہندو مسلمان سب کو ایک نظر سے دیکھتے ہیں۔ اُن کے کلام اور زبان کی سادگی و تاثیر اور صداقت و خلوص نے اُنہیں دونوں فرقوں میں یکساں مقبول بنادیا ہے۔ ہندو اُنہیں کبیر داس اور مسلمان شاہ کبیر کہتے ہیں۔ اُن کی زبان جیسا کہ اُن کا وطن بتاتا ہے اور جیسا کہ وہ خود فرماتے ہیں' پوربی ہے۔

میری بولی پوربی تاہی نہ چینہے کوی
میری بولی سو لکھے جو پورب کا ہوی

لیکن ان کی پوربی گوسائیں تلسی داس یا ملک محمد جائسی کی سی پوربی نہیں کہ جن کے کلام کے سمجھنے کے لئے شرح کی ضرورت ہے۔ کبیر کا کلام جنوبی ہند کے بعض علاقوں کو چھوڑ کر ہندوستان کے ہر حصے میں آسانی سے سمجھا جاسکتا ہے۔ تلسی داس اور ملک محمد جائسی کی زبان پرانی اور مردہ ہوجائے گی لیکن کبیر کا کلام ہمیشہ تازہ اور ہرا بھرا رہے گا۔ یہی وہ زبان تھی جو نویں اور دسواں صدی ہجری

میں ہندوستان کے تقریباً ہر خطے میں بولی یا سمجھی جاتی تھی اور اسے ہندوستان کی عام زبان ہونے کا فخر حاصل تھا۔ حضرت کبیر نے جس طرح ہندوؤں اور مسلمانوں کے مذاہب کو ایک کرنے کی کوشش کی ہے اسی طرح ان دونوں کی زبانوں کو بھی اپنے کلام میں بڑی خوبی سے ملا کر ایک کردیا ہے۔ یہیں سے اردو یا ہندوستانی کی بنیاد شروع ہوتی ہے اور اس میں شبہ نہیں کہ کبیر اُس زبان کے اولیں بانیوں میں سے ہیں جو ہندوستان کی عام زبان کہلانے کی مستحق ہے۔ بلا شبہ اُن کے خیالات اعلیٰ اور اُن کا خلوص بے ریا ہے اور ایسے شخص کا اثر ہونا لازم ہے۔ لیکن اُس کی زبان نے اُس کے اثر کو زیادہ گہرا کر دیا۔ اُن کی سادگی میں حلاوت پیدا کردی ہے اور اُنکی محبوبیت اور مقبولیت کو دہ چند کردیا ہے۔ وہ عربی فارسی الفاظ بلا تکلف اور بڑے موقعہ سے استعمال کرتے ہیں اور اب بھی کئی سو برس کے بعد جب ہم اُن کا کلام پڑھتے ہیں تو معلوم ہوتا ہے کہ اس کا کہنے والا ہمارے زمانے کا شخص ہے۔ یہ پھول اس پیڑ کا ہے جو انھوں نے ہندی پر فارسی کی قلم باندھ کر لگایا تھا۔ کلام کا نمونہ ملاحظہ کیجئے۔

(۱) رہنا نہیں دیس بیگانا ہے
یہ سنسار کاگد * کی پڑیا
بوند پڑے گُھل جانا ہے

(۲) بہت دنن بچھڑے ہری پاے
بھاگ بڑے گھر بیٹھے آے

(۳) جاگ پیاری اب کا سووے
رین گئی دن کاہے کھووے

(۴) مرے تو مرجائیے چھوٹ پڑے جنجار †
ایسا مرنا کو مرے ' دن میں سو سو بار

(۵) کبیر یہ گھر پریم کا خالہ کا گھر ناہیں
سیس اُتارے ہاتھہ لے سو پیٹھے گھر ماہیں

(۶) ایسا کوئی نا ملے جاسوں رہئے لاگ
سب جگ جلتا دیکھئے اپنی اپنی آگ

(۷) میٹھا کہاں سدھو کری بھانت بھانت کو ناج
دعوی کس ہی کا نہیں بلا ولایت راج

(۸) کبیر اس سنسار کو سمجھاؤں کے بار
پونچھہ تو پکڑے بھیڑ کی اترا چاہے پار

(۹) کبیر نوبت آپنی دس دن لیہو بجاے
اے پور پٹن اے گلی بہور نہ دیکھو آے

---

* (کاغذ) - † (جنجال)

(۱۰) میرا مجھ میں کچھ نہیں جو کچھ ہے سو تیرا
تیرا تجکو سونپتے کیا لاگے میرا

(۱۱) کبیر سکھ کو جاے تھا آگے آیا دکھ
جای سکھ گھر اپنے ہم جانیں اور دکھ

(۱۲) کبیر ایک نہ جانیا تو بہو جاننیا کیا ہوے
ایک ہی تیں سب ہوت ہے سب تے ایک نہوے

(۱۳) ھاڑ جلے جوں لاکڑی کیس جلے جوں گھاس
سب تن جلتا دیکھ بھیا کبیر اداس

(۱۴) کبیر حد کے جیو سوں ہت کر مکھوں نہ بول
جے لاگے بے حد سوں تن سوں انتر کھول

(۱۵) کبیر ناؤ ہے جرجری کوڑے * کھیون ہار
ھلکے ھلکے تر گئے بوڑے † جن سر بھار

(۱۶) سکھیا سب سنسار ہے کھاے اور سووے
دکھیا داس کبیر ہے جاگے اور رووے

(۱۷) کبیر بھاٹی کلال کی بہت ایک بیٹھے آئے
سر سونپے سوں پئے نہیں تو پیا نہ جائے

(۱۸) چلو چلو سب کوئی کہے موہی اندیسہ اور
صاحب سوں پرچا نہیں جائیں گے کس ٹھور

---

* بیوقوف ۔ † ڈوبے ۔

قواعد و ضوابط انجمن ترقی اردو
اورنگ آباد (دکن)

(۱) سرپرست وہ ہیں جو پانچ ہزار روپے یک مشت یا پانسو روپے سالانہ انجمن کو عطا فرمائیں —
(ان کو تمام مطبوعات انجمن بلا قیمت اعلیٰ قسم کی جلد کے ساتھ پیش کی جائیں گی) —

(۲) معاون وہ ہیں جو ایک ہزار روپے یک مشت یا سالانہ سو روپے عطا فرمائیں۔ (انجمن کی تمام مطبوعات ان کو بلا قیمت دی جائیں گی) —

(۳) رکن مدامی وہ ہیں جو ڈھائی سو روپے یک مشت عطا فرمائیں —
ان کو تمام مطبوعات انجمن مجلد نصف قیمت پر دی جائیں گی۔

(۴) رکن معمولی انجمن کے مطبوعات کے مستقل خریدار ہیں جو اس بات کی اجازت دے دیں کہ انجمن کی مطبوعات طبع ہوتے ہی بغیر دریافت کیے بذریعہ قیمت طلب پارسل ان کی خدمت میں بھیج دی جائیں۔ (ان صاحبوں کو تمام مطبوعات پچیس فی صدی قیمت کم کرکے دی جائیں گی)
مطبوعات میں انجمن کے رسالے بھی شامل ہیں —

(۵) انجمن کی شاخیں وہ ہیں جو انجمن کو یک مشت سوا سو روپے یا بارہ روپے سالانہ دیں (انجمن ان کو اپنی مطبوعات نصف قیمت پر دے گی) —

Anjuman -E- Tarraqqi -E- Urdu Series No. 74

The Sufis' Work in the early Development of Urdu Language

BY

MOULVI ABDUL HAQ B. A. (ALIG.)

PRINTED AT THE "ANJUMAN URDU PRESS"

AURANGABAD (DECCAN)

[illegible]